وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ

# اورادِ نقشبندیہ

اللہ اللہ اللہ

مرتب:

احمد الدین توگیروی سیفی

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور

042-7313885

Marfat.com

Marfat.com

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

# اورادِ نقشبندیہ

مرتب:

احمد الدین توگیروی سیفی

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور
042-7313885

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

85127

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ــــــــ | اورادِ نقشبندیہ |
| ترتیب | ــــــــ | احمد دین توگیروی سیفی |
| اشاعت اوّل | ــــــــ | اگست 1996ء |
| اشاعت سوم | ــــــــ | مارچ 2006ء |
| کمپوزنگ | ــــــــ | ورڈز میکر |
| طابع | ــــــــ | سید شجاعت رسول شاہ قادری |
| ناشر | ــــــــ | نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور |
| کمپیوٹر کوڈ | ــــــــ | 1N72 |
| قیمت | ــــــــ | Rs 60 |

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

37-الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

مرکزی آستانہ سیفیہ لکھوڈیر لاہور

آستانہ توگیرویہ سیفیہ

گل نشاں پارک بھوبھتیاں رائیونڈ لاہور

مکتبہ محمدیہ سیفیہ راوی ریان لاہور

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

صلى الله على النبي الامي وآله

صلى الله عليه وسلم صلوٰة وسلاما عليك يا رسول الله

Marfat.com

Marfat.com

[library stamp]

# حمد باری تعالیٰ جل شانہٗ

الٰہی حمد سے عاجز ہے یہ سارا جہاں تیرا
جہاں والوں سے کیونکر ہو سکے ذکرو بیاں تیرا
زمین و آسماں کے ذرّے ذرّے میں تیرے جلوے
نگاہوں نے جدھر دیکھا نظر آیا نشاں تیرا
ٹھکانہ ہر جگہ تیرا سمجھتے ہیں جہاں والے
سمجھ میں آ نہیں سکتا ٹھکانہ ہے کہاں تیرا
تیرا محبوب پیغمبر تیری عظمت سے واقف ہے
کہ سب نبیوں میں تنہا ہے وہی ایک رازداں تیرا
جہانِ رنگ و بو کی وسعتوں کا رازداں تو ہے
نہ کوئی ہم سفر تیرا نہ کوئی کارواں تیرا
تیری ذات معلیٰ آخری تعریف کے لائق
چمن کا پتا پتا روز و شب ہے نغمہ خواں تیرا

Marfat.com

# نعت شریف

عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رسول اللہ کی ۔۔۔ دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی ﷺ
قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے ۔۔۔ جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی ﷺ
لَاوَرَبِّ الْعَرْش جس کو جو ملا ان سے ملا ۔۔۔ بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی ﷺ
وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا ۔۔۔ ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی ﷺ
ہم بھکاری وہ کریم انکا خدا ان سے فزوں ۔۔۔ اور نہ کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی ﷺ
اہل سنت کا ہے بیڑا پار اصحابِ حضور ۔۔۔ نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی ﷺ
ٹوٹ جائینگے گناہ گاروں کے فوراً قید و بند ۔۔۔ حشر کو کھل جائیگی طاقت رسول اللہ کی ﷺ
یارب اک ساعت میں دُھل جائیں سیہ کاروں کے جرم ۔۔۔ جوش پر آجائے اب رحمت رسول اللہ کی ﷺ
اے رضاؔ خود صاحبِ قرآں ہے مداحِ حضور ۔۔۔ تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی ﷺ

کلام اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ

Marfat.com

# پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الرَّاشِدِیْنَ وَالْمُرْشِدِیْنَ وَعَلٰی اَوْلِیَآءِ اُمَّتِہِ الْکَامِلِیْنَ الْمُکَمِّلِیْنَ، اَمَّا بَعْدُ!

اُردو زبان میں معمولاتِ سیفیہ تو موجود ہیں لیکن ناتمام کہ ان میں صرف اسباقِ نقشبندیہ یعنی لطائف عشرہ (عالم امر وخلق) اور مراقبات اور ختم خواجگان کا ذکر ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ایک ایسی کتاب ہو جس میں چار سلاسل کے اسباق اور مراقبات مذکور ہوں اور ساتھ ساتھ جو سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ سیفیہ میں دیگر اوراد و وظائف پڑھے جاتے ہیں، ان کا بھی ذکر ہو۔ چنانچہ طوالت کے خوف سے مختصر طور پر ان سب کا ذکر کیا جاتا ہے تاکہ سالکینِ راہ طریقت و حقیقت کو دشواری نہ ہو۔

الراقم: احمد الدین توگیروی سیفی

Marfat.com

# اذکارِ نقشبندیہ

نقشبندی سالک کے لیے ضروری ہے کہ اسمِ ذات ''اللہ'' کے ساتھ اپنے لطائف کو ذاکر بنائے۔اس سلسلہ عالیہ میں دس لطائف ہیں' پانچ عالمِ امر کے اور پانچ عالمِ خلق کے۔

## عالمِ امر کے لطائف:

قلب' روح' سر' خفی اور اخفیٰ ہیں۔

### ا۔لطیفہ قلب:

اس کے ذاکر ہونے کی پہچان یہ ہے انسان ہر وقت اللہ تعالیٰ کی یاد میں محو رہتا ہے اور اس کے دل میں ماسوا کا خیال ختم ہو جاتا ہے۔ذکرِ قلبی کی برکات میں سے یہ ہے۔اللہ تعالیٰ کی صفات فعلیہ کا مشاہدہ کرنے لگتا ہے اور غفلت و شہوت دُور ہونے لگتی ہے۔

مقام: بائیں پستان سے دو انگشت نیچے اس کا مقام ہے۔

رنگت: اس کے نور کی رنگت زرد ہے۔

زیرِ قدم: یہ لطیفہ حضرت آدم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

فائدہ: یہ فیض اللہ تعالیٰ سے آتا ہے لیکن بالواسطہ یعنی اللہ تعالیٰ سے خصوصاً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تک پہنچتا ہے اور آپ سے حضرت آدم علیہ السلام تک اور ان سے بالواسطہ پیرو مرشد اس سالک کو عطا ہوتا ہے چونکہ اللہ تعالیٰ کی تجلیاتِ فعلیہ کے مظہر

Marfat.com

اتم حضرت آدم علیہ السلام ہیں اس لیے اس لطیفہ کو زیرِ قدم آدم علیہ السلام کہا جاتا ہے۔

صفاتِ فعلیہ: مثلاً احیاء، امات، تخلیق وترزیق وغیرہا کو کہتے ہیں۔

## ۲۔ لطیفہ روحی:

لطیفہ قلبی کے ذاکر ہونے کے بعد اسم ذات ''اللہ'' تصور سے لطیفہ روحی کا ذکر کرے یہاں تک کہ اس لطیفہ میں حرکت پیدا ہو جائے اور اتنی پختہ ہو جائے کہ بغیر تصور کے بھی متحرک رہے اور یہ حرکت بند نہ ہو۔

مقام: اس کا مقام دائیں پستان کے دو انگشت نیچے ذرا باہر سینہ کی طرف ہے۔

رنگت: اس کا رنگ سرخ ہے۔

زیرِ قدم: یہ لطیفہ حضرت نوح وحضرت ابراہیم علیہما السلام کے زیرِ قدم ہے۔

مشاہدات: اس لطیفہ میں سالک اللہ تعالیٰ کی حقیقی آٹھ صفات (حیات، علم، ارادہ، قدرت، تکلم، سمع، بصر، تکوین) کی تجلیات کا مشاہدہ کرنے لگتا ہے۔

کردار میں علامت: اس لطیفہ کے ذاکر ہونے سے غصہ اور غضب کی کیفیت میں اعتدال، حرص وہوس کا خاتمہ، زہد وتقویٰ اور امورِ آخرت کی طرف طبعی میلان ہو جاتا ہے۔

## ۳۔ لطیفہ سری

تیسرا لطیفہ سری ہے۔ روحی کے ذاکر ہونے کے بعد اس لطیفہ سری میں اسمِ ذات کا خیال سے ذکر کرے یہاں تک کہ یہ بھی ذاکر ہو جائے اور یہ مسلسل حرکت کرتا

Marfat.com

رہے۔

مقام: اس کا مقام بائیں پستان کے دو انگشت اوپر مائل بہ سینہ۔

مشاہدات: اس لطیفہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات کی شیونات کا ظہور ہوتا ہے۔

کردار میں تبدیلی: اس لطیفہ کے ذاکر ہونے کی تاثیر یہ ہے۔ حرص و ہوس، لالچ و طمع کا خاتمہ، زہد و تقویٰ اور امورِ آخرت کی طرف میلان غالب آجاتا ہے۔

رنگت: اس کی رنگت سفید برفانی ہے۔

زیرِ قدم: یہ لطیفہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

شیونات: شیونات جمع شان کی ہے۔ شان اور صفت میں فرق ایک مثال سے واضح ہوتا ہے۔ مثلاً پانی کی صفت خنکی ٹھنڈک ہے، بلندی سے پستی کی طرف آنا پانی کی شان ہے۔

## ۴۔ لطیفہ خفی:

سر کے ذاکر ہو جانے کے بعد شیخ سالک کو لطیفہ خفی پر اسم ذات کے خیال سے ذکر کرنے کا حکم دیتا ہے۔ بفضلِ باری تعالیٰ بواسطہ شیخ و جملہ مشائخ سلسلہ نقشبندیہ لطیفہ بھی ذکر کرنے لگتا ہے۔

مقام: اس کا مقام دائیں پستان کے دو انگشت اوپر ذرا سینہ کی طرف۔

تجلیات: اس لطیفہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات سلبیہ کا ظہور ہوتا ہے۔ صفاتِ سلبیہ یہ ہیں۔ مثلاً لَمْ یَلِدْ، وَلَمْ یُوْلَدْ، وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَد''، لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ''، لَا یَشْبَهُهٗ شَیْئًا وغیرہا۔

رنگت: اس کا رنگ سیاہ ہے۔

Marfat.com

زیرِ قدم: یہ لطیفہ زیرِ قدم عیسیٰ علیہ السلام ہے۔
تعمیر سیرت: اس لطیفہ کے ذاکر ہونے کی علامت یہ ہے کہ سالک کو حسد، بخل، کینہ اور غیبت وغیرہا امراض باطنی سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔

## ۵۔ لطیفہ اخفیٰ:

لطیفہ خفی کے ذکر کے بعد اخفیٰ کا سبق شروع کیا جاتا ہے۔ اس میں حسبِ سابق اسمِ ذات کا خیال سے ذکر کیا جاتا ہے تاکہ یہ بھی جاری و ذاکر ہو جائے۔

مقام: اس لطیفہ کا مقام عین وسط سینہ ہے۔

رنگت: اس کا رنگ سبز ہے۔

تجلیات: یہ لطیفہ پہلی تمام تجلیات کا جامع ہے یعنی اس میں صفات فعلیہ، صفاتِ ثبوتیہ ذاتیہ، شیونات، صفاتِ سلبیہ سب کی تجلیات کا ظہور و شہود و مشاہدہ ہوتا ہے۔

زیرِ قدم: یہ حضور نبی کریم سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زیرِ قدم ہے۔ مرتبۂ احدیت مجردہ اور تنزیہ کے درمیان ایک برزخی مرتبے کے شہود و مشاہدہ کا نام ہے یعنی یہ ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا التسلیم کا مقام ہے۔

تعمیر سیرت: اس لطیفہ کے ذکر کرنے سے تکبر، فخر وغرور اور خود پسندی جیسی مہلک روحانی امراض سے آزادی نصیب ہوتی ہے۔ نیز حضور و اطمینان میسر ہوتا ہے۔

عالمِ خلق: عالمِ خلق جو عرش کے نیچے ہیں، یہ بھی پانچ ہیں:
لطیفہ نفسی، اربعہ عناصر، مٹی، پانی، ہوا اور آگ ان کے مجموعہ کو قالب کہتے ہیں۔

## ۶۔ لطیفہ نفسی:

Marfat.com

لطیفہ نفسی، عالمِ امر کے پانچ لطائف کے ذاکر ہو جانے کے بعد اس لطیفہ کی طرف توجہ کی جاتی ہے۔ شیخ کے حکم کے مطابق اس میں بھی اسم ذات کا ذکر کیا جاتا ہے یہاں تک کہ یہ بھی ذاکر ہو جائے۔

مقام: اس کا مقام پیشانی جہاں سے سر کے بال اُگنا شروع ہوتے ہیں، اسے مَنبَتُ الشَّعر کہتے ہیں۔

رنگت: مٹی کی مانند (مٹیالہ)۔

تعمیر سیرت: انسان کا نفس امارہ کے بجائے مطمئنہ ہو جاتا ہے۔ اس میں تواضع اور انکساری جیسی اعلیٰ صفات پیدا ہو جاتی ہیں اور تکبر و غرور اور سرکشی معدوم ہو جاتی ہیں۔

## ۷۔ لطیفہ قالبی:

عالمِ خلق کا دوسرا لطیفہ ہے جو مٹی، پانی، آگ اور ہوا کا مجموعہ ہے۔ اس کو ذاکر بنایا جاتا ہے۔

مقام: اگرچہ اس کا مقام تو پورا بدنِ انسان ہے مگر اس کا مرکز اور اصل اُمِ دماغ (سر کی چوٹی) ہے۔ اس کے ذاکر ہونے سے پورا بدن ذکر الٰہی میں محو ہو جاتا ہے۔

رنگت: یہ بے رنگ ہے۔

تعمیر سیرت: اس سے پورا بدن اور جسم کا ہر بال ذاکر ہو جاتا ہے۔ اخلاقِ رذیلہ، بری عادات کو ترک کر کے اخلاقِ حسنہ سے متصف ہو جاتا ہے اور یہاں اس کو مقامِ فنا نصیب ہوتا ہے اور ولایت صغریٰ کے درجہ کو حاصل کر لیتا ہے۔

... ذکر: ان سات لطائف کے ذاکر ہونے کے بعد دوسرا ذکر نفی و اثبات ہے۔

اس کا طریقہ جو حضرت قیوم زمان شیخ الشیوخ، مجددِ ملت، فائز بمقام عبدیت و

Marfat.com

صدیقیت قطب التکوین والارشاد حضرت اخوندزادہ سیف الرحمٰن مبارک صاحب پیرارچی خراسانی دامت برکاتہم العالیہ نے ہدایت السالکین میں بیان فرمایا ہے' یہ ہے۔

نفی واثبات کا طریقہ: زیرِ ناف سانس روک کر لا کو لطیفہ قالب کے مقام تک لے جائے' الٰـــہ کو داہنے کندھے پر اور اِلَّا اللّٰہ کو لطیفہ قلب پر اس طرح ضرب لگائے' پانچوں لطائف عالمِ امر پر اس کی حرارت محسوس ہو۔ اس طرح متعدد بار حبسِ دم کے ساتھ کرتا رہے۔ جب سانس میں تنگی ہو تو لمبا سانس لیتے ہوئے مُحَمَّد'' رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہے۔ یہ لطیفہ اخفیٰ میں کہے۔ البتہ یہ ضرور یاد رکھنا چاہیے جب سانس چھوڑے تو طاق عدد پر چھوڑے۔ اس طرح نفی واثبات کرنے سے یہ شکل بنتی ہے:




داہنا کندھا
الٹی ما بنتی ہے

دورانِ نفی واثبات میں ان چار معانی کا خیال رکھے:

۱۔ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ ۲۔ لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہ

۳۔ لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰہ ۴۔ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ

ابتدا اور شروع میں لا معبود اور لا مقصود کو پیشِ نظر اور اس کا خیال رکھنا زیادہ مناسب

Marfat.com

ہے۔ تاکہ سالک پر توحید وجودی کا انکشاف نہ ہو جو کہ مقامِ سکر اور ایک تنگ کوچہ ہونے کے ساتھ ساتھ ظاہر شریعت کے خلاف ہے' اس مقام کا سالک (صاحبِ توحید وجودی) خود معذور ہے اور دوسروں کو اس کی تقلید جائز نہیں۔ اس کے بعد توحید شہودی منکشف ہوتی ہے جو کہ ایک عظیم شاہراہ ہے۔ اس توحید کے علوم و معارفِ شریعت مطہرہ کے عین مطابق ہیں۔

نوٹ: نفی واثبات شروع کرنے سے قبل اور سانس لیتے وقت لطیفہ اخفیٰ میں اِلٰھی اَنْتَ مَقْصُوْدِیْ وَرِضَاکَ مَطْلُوْبِیْ اَعْطِنِیْ مَحَبَّۃَ ذَاتِکَ وَمَعْرِفَۃَ صِفَاتِکَ کہے۔

حبسِ دم کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ روزانہ نفی واثبات کرنا ضروری ہے اس کے بعد کئی ہزار بغیر سانس روکے پڑھنا چاہیے۔

# مراقبات

مراقبہ ترقب سے مشتق ہے۔ جس کا معنی ہے' انتظار کرنا چونکہ اس میں سالک اللہ تعالیٰ کے فیض کا انتظار کرتا ہے اس لیے اس کو مراقبہ کہا جاتا ہے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں مراقبہ یہ ہے کہ پہلے آنکھ بند کر کے لطائفِ عشرہ میں سے کسی ایک لطیفہ کی طرف متوجہ ہو کر اللہ تعالیٰ سے اس لطیفہ پر فیض کا انتظار کرنا چاہیے۔

## شرائط مراقبہ

۱۔ مراقبہ کرنے والے کے لیے کامل طہارت اور پوری توجہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا ضروری ہے اس طرح کہ اس ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا کسی

Marfat.com

طرف ذرّہ بھر میلان نہ ہو۔

۲۔ صاحبِ مراقبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ عقائدِ اہل سنت و جماعت رکھتا ہو' تاکہ وہ ان مراقبات سے مستفید ہو سکے۔

۳۔ صاحبِ مراقبہ کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ پہلے لطائف عشرہ اور نفی و اثبات طے کر چکا ہو اور اپنے مرشد کامل و مکمل سے مراقبات کرنے کی اجازت حاصل ہو۔

۴۔ ہر مراقبہ میں ایام کی تعداد یعنی کتنے دن تک اس میں رُکنا ہے' یہ موصوف مرشد کے حکم پر موقوف ہے۔

۵۔ ہر مراقبہ کے کچھ آثار اور کیفیات ہوتی ہیں۔ لہٰذا صاحبِ مراقبہ کے لیے شریعت و طریقت کی حتی الامکان کامل اتباع ضروری ہے تاکہ ان آثار کو پا سکے۔

۶۔ مراقبہ کے وقت اس طرح بیٹھے کہ اگر نیند بھی آ جائے تو تجدید وضو کی ضرورت نہ پڑے کہ عموماً مراقبات میں نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے۔

۷۔ بحالتِ مراقبہ جن امور و واقعات پر مطلع ہو' ان کو اپنے مرشدِ کامل کے حضور ضرور پیش کرے۔ بالخصوص عالمِ امر کے ظہور میں بیچونت و بیچگونت سے مشابہت کا بسا اوقات ظہور ہوتا ہے۔ ان کی طرف متوجہ نہ ہو ورنہ معاملہ یہیں تک رُک جائے گا۔

۸۔ جتنے ایام کی پابندی کا حکم ہوا ہے' اس میں کوتاہی و غفلت نہ کرے۔

۹۔ مراقبات میں ہمہ وقت مرشدِ کامل سے فیض کا منتظر رہے اور ان کی توجہات

Marfat.com

سے بھرپور فائدہ اُٹھائے تاکہ مراقبہ معیت میں حاصل ہونے والے ولایت صغریٰ کے دائرے کو تیزی سے عبور کر سکے۔ ورنہ یہ مقام نہایت دشوار ہے۔ ہزاروں سالکین اس وادی میں رُک کر اپنی ترقی کی منزلیں کھو بیٹھے ہیں۔

۱۰۔ مراقبات کی نیت فارسی میں یاد کرنا ضروری ہے۔ دوسری زبان اختیار کرنے سے الفاظ بدل سکتے ہیں جس سے فیض منقطع ہونے اور ترقی رُک جانے کا خطرہ ہے۔

**ترجمہ:** صرف سالکین کے فہم وادراک اور سہولت کے پیشِ نظر ترجمہ تحریر کیا جاتا ہے تاکہ انہیں یہ معلوم ہو سکے کہ میں اللہ تعالیٰ سے مراقبہ میں کس فیض کا منتظر ہوں۔ وہ کیا مجھے نصیب بھی ہو رہا ہے یا نہیں۔

☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نیت وقوف مراقبات

## ۱- نیتِ مراقبہ وقوفِ قلب

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفہ قلبیٔ من بواسطہ پیران کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف سے پیرانِ کبار رحمہم اللہ علیہم اجمعین کے وسیلہ سے میرے لطیفہ قلبی پر فیض آ رہا ہے۔

## ۲- نیت مراقبہٗ وقوفِ روح

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بہ لطیفہ روحیٔ من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: اللہ کی طرف سے بوسیلہ بزرگانِ دین رحمہم اللہ علیہم اجمعین میرے لطیفۂ روحی پر فیض آ رہا ہے۔

## ۳- نیتِ مراقبہٗ وقوفِ سر

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفہٗ سری من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: بے مثل ذاتِ حق تعالیٰ کی جانب سے بوسیلہ مشائخ عظام میرے لطیفۂ سری پر فیض آ رہا ہے۔

Marfat.com

## ۴- نیت مراقبۂ وقوف خفی

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفۂ خفی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: بے مثل حق تعالیٰ کی ذات سے میرے لطیفۂ خفی پر فیض آ رہا ہے۔ بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

## ۵- نیتِ مراقبہ وقوف اخفیٰ

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفہ اخفیٰ من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: ذاتِ حق تعالیٰ کی جانب سے بطفیل مشائخ عظام علیہم الرضوان میرے لطیفہ اخفیٰ پر فیض آ رہا ہے۔

## ۶- نیتِ وقوفِ مراقبۂ نفسی

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفۂ نفسی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف سے میرے لطیفۂ نفسی پر فیض آ رہا ہے۔ بواسطہ بزرگانِ دین رحمہم اللہ علیہم اجمعین۔

## ۷- نیتِ وقوفِ مراقبۂ قالبی

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطیفۂ قالبی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہ

**ترجمہ**: میرے لطیفہ قالبی پر بے مثل ذاتِ خداوند تعالیٰ کی طرف سے بواسطہ بزرگانِ دین علیہم الرضوان فیض آ رہا ہے۔

## ۸- نیتِ وقوفِ مراقبۂ خمسہ عالمِ امر

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطائف خمسہ عالمِ امر من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

Marfat.com

**ترجمہ**: پیرانِ کبار کے طفیل میرے عالمِ امر کے پانچوں لطائف پر اللہ تعالیٰ کی ذات سے فیض آ رہا ہے۔

## ۹۔ نیتِ مراقبۂ وقوفِ خمسۂ عالمِ خلق

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بلطائف خمسہ عالمِ خلق من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: بے مثل ذاتِ حق تعالیٰ سے میرے عالمِ خلق کے پانچوں لطائف (نفسی و قالبی) پر بزرگانِ دین کے واسطہ سے فیض آ رہا ہے۔

## ۱۰۔ نیتِ مراقبہ وقوفِ مجموعہ لطائف عالمِ امر و عالمِ خلق

فیض مے آید از ذاتِ بیچون بہ مجموعہ لطائفِ عالمِ امر و عالمِ خلق من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: میرے عالمِ امر و خلق کے دسوں لطائف پر اللہ تعالیٰ کی ذات سے فیض آ رہا ہے۔ بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

## ۱۱۔ نیتِ مراقبۂ احدیت

فیض مے آید از ذاتِ بیچون کہ جامع صفات و کمالات است و منزہ جمیع عیوب و نقصانات است و بے مثل است خاص بلطیفۂ قلبی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: اللہ تعالیٰ کی بے مثل ذات جو تمام صفات و کمالات کی جامع اور تمام عیوب و نقائص سے مبرا ہے' کی طرف سے میرے لطیفۂ قلبی پر فیض آ رہا ہے۔ بزرگانِ دین علیہم الرضوان کے توسل سے۔

**تشریح**: یہاں تک سالک دائرہ امکان یا دائرہ ممکنات کی سیر مکمل کر لیتا ہے۔

Marfat.com

شکل ملاحظہ کیجئے۔

اس کے بعد ولایت صغریٰ کا دائرہ شروع ہوتا ہے اور دائرہ امکان میں خطرات و وسوسے بہت آتے ہیں' ان کا دفاع ضروری ہے تاکہ دائرہ امکان کو عبور کر سکے۔ کثرت ذکر نفی و اثبات میں حبسِ دم سے بکثرت وسوسے خود بخود رفع ہوجاتے ہیں۔ نیز تصور شیخ جتنا پختہ ہوگا' اتنے خطرات زائل ہوجائیں گے۔




☆☆☆☆☆

Marfat.com

# نیت اصولِ مراقبات

## ۱۲۔ نیتِ مراقبۂ اصلِ قلب

الٰہی قلبِ من بمقابل قلب نبی علیہ السلام۔ آن فیض تجلائے صفاتِ فعلیۂ خود کہ از قلب نبی علیہ السلام بقلب آدم علیہ السلام سانیدئی من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہ

**ترجمہ**: اے اللہ میر الطیفہ قلب رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ قلب کے بالمقابل فیض کا منتظر ہے جو تو نے اپنی صفات فعلیہ سے حضرت آدم علیہ السلام کے لطیفۂ تک پہنچایا۔ وہ فیض میرے لطیفۂ قلب پر بھی القاء فرما۔ بزرگانِ دین کے وسیلہ جمیلہ سے۔

یہ ولایت کا پہلا زینہ ہے۔ اس زینہ پر چڑھنے والا حضرت آدم علیہ السلام کی طرح ہر وقت توبہ وانابت میں محو ومشغول رہتا ہے۔ نیز بری عادات وصفات رذیلہ کو ترک کر کے اخلاقِ حسنہ کو اپنانے کی کوشش کرتا رہتا ہے تا کہ اس حدیث تَخَلَّقُوا بِاَخْلَاقِ اللہِ (اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی صفات پیدا کرنے کی کوشش کرو) کا مصداق بن جائے۔ اسے ہر شے میں اللہ تعالیٰ کے جلوے نظر آتے ہیں اور اپنے و دیگر مخلوقات کے افعال کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنے لگتا ہے۔

Marfat.com

## ۱۳۔ نیتِ مراقبہ اصلِ روح

الٰہی روحِ من بمقابل روح نبی علیہ السلام آن فیض تجلائے صفاتِ ثمانیہ ثبوتیہ ذاتیہ حقیقیہ خود کہ از روح نبی علیہ السلام بروحِ ابراہیم ونوح علیہما السلام رسانیدہ بروح من نیز برسانی بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: اے ذاتِ باری تعالیٰ میرا لطیفۂ روح حضور علیہ السلام کے لطیفۂ روح کے بالمقابل فیض کا منتظر ہے اپنی آٹھ حقیقی صفات کی تجلیات کا فیض جو کہ حضور علیہ السلام کے لطیفۂ روح سے حضرت ابراہیم ونوح علیہما السلام کے لطیفہ روح پر پہنچا۔ وہ فیض میرے لطیفہ روح پر بھی القاء فرما۔ بزرگانِ دین علیہم الرضوان کے توسل سے۔

اس لطیفہ کے مراقبہ کرنے والے میں حضرت نوح وابراہیم علیہما السلام کی طرح صفت توکل پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ مصائب و آلام سے نہیں گھبراتا بلکہ خندہ پیشانی سے حوادث زمانہ کا مقابلہ کرتا ہے۔ نفس وشیطان کی مکاریوں سے بچتے ہوئے ہمہ وقت ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف متوجہ رہتا ہے جو چیز بھی یادِ خدا میں حائل ہوا سے ذبح کرتا چلا جاتا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح عالمِ ملک وملکوت کا مشاہدہ کرتا ہے۔ یعنی اسے سیر آفاقی نصیب ہوتی ہے۔

## ۱۴۔ نیتِ مراقبہ اصلِ سر

الٰہی سرِ من بمقابل سر نبی علیہ السلام است' آن فیض تجلائے شیونات ذاتیہ خود کہ از سر نبی علیہ السلام بسر موسیٰ علیہ السلام رسانیدہ بہ سرِ من نیز برسانی بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: اے خالقِ کائنات میرا لطیفۂ سر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ سر کے بالمقابل فیض کے انتظار میں ہے۔ اپنی ذاتی شانوں کی تجلیات کا

85127

Marfat.com

فیض جو حضور علیہ السلام کے لطیفۂ سر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لطیفۂ سر کو عطا کیا' وہ فیض میرے لطیفۂ سر کو بھی عطا فرما۔ مشائخ کبار علیہم الرضوان کے وسیلہ سے۔ یہاں سالک کو سیر انفسی نصیب ہوتی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح الہامات سے نوازا جاتا ہے۔ قلب وروح سے الگ صریح واقعات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ سالک پر عشقِ الٰہی کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ خلافِ شرع کسی کی نقل وحرکت کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لطیفہ سے مراد روح محمدی ہے جسے عالم لاہوت بھی کہتے ہیں۔

## ۱۵۔ نیتِ مراقبۂ اصلِ خفی

الٰہی خفی من بمقابل خفی نبی علیہ السلام' آن فیض تجلائے صفات سلبیہ' خود کہ از خفی نبی علیہ السلام بہ خفی عیسیٰ علیہ السلام رسانیدہ' بہ خفی من نیز برسانی بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: الٰہی میرا لطیفۂ خفی حضور علیہ السلام کے لطیفۂ خفی کے سامنے فیض کا منتظر ہے' اپنی سلبی صفات کی تجلیات کا جو فیض حضور علیہ السلام کے لطیفہ خفی سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خفی لطیفہ تک پہنچایا ہے۔ وہ میرے خفی لطیفہ کو بھی عطا فرما' خواجگانِ نقشبندیہ کے توسل سے۔

**تشریح**: یہ ولایت صغریٰ کا چوتھا زینہ ہے۔ اس مقام کا سالک عبادت' ریاضت اور مجاہدہ سے کبھی اُکتاتا نہیں۔ اس مقام کی علامت یہ ہے کہ سالک دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتا ہے۔ نیز اسے وصول الی اللہ نصیب ہو جاتا ہے۔ مزید براں کہ خفی سے مراد نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے جس کو ہاہوت بھی کہتے ہیں۔



Marfat.com

## ۱۶۔ نیتِ مراقبۂ اصل اخفیٰ

الٰہی اخفائے من بمقابل اخفائے نبی علیہ السلامٗ آن فیض تجلائی شان جامع خود کہ بہ اخفائے نبی علیہ السلام رسانیدہ بہ اخفائے من نیز برسانی بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ**: الٰہی میر الطیفہ اخفیٰ حضور علیہ السلام کے لطیفہ اخفیٰ کے روبرو ہے۔ وہ فیض جو آقا علیہ السلام کے لطیفہ اخفیٰ پر اپنی شانِ جامع کی تجلیات کے ساتھ نازل فرمایا ہے، وہ میرے لطیفۂ اخفیٰ پر بھی القاء فرما، بواسطہ اولیائے کبار

**تشریح**: چونکہ یہ لطیفہ زیرِ قدم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ لہٰذا جس طرح آقائے دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہے۔ اسی طرح اس لطیفہ اخفیٰ کی ولایت کا فیض بھی تمام لطائف کے فیوضات سے ارفع واعلیٰ ہے اور اس لطیفہ کی تکمیل کے بعد سالک کو جو کمالات حاصل ہوتے ہیں، وہ بہت ہی بلند و بالا ہیں۔ اس ولایت کا فقیر محمدی المشرب ہونے کی وجہ سے وہ نہایت درجہ کی اتباع سنت کا پابند داعی اتباع سنت اور قاطع بدعت و ضلالت ہوتا ہے۔ یہ فقیر خود بھی باکمال ہوتا ہے اور دوسروں کو بھی باکمال بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس مقام پر لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُـحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یعنی کلمہ طیبہ کی حقیقت معلوم ہوتی ہے اور اس میں سیر مع اللہ نصیب ہوتی ہے۔

## ۱۷۔ نیتِ مراقبۂ معیت

فیض می آید از ذاتِ بیچون کہ ہمراہ است ہمراہ من و ہمراہ جمیع ممکنات بلکہ ہمراہ ہر ذرہ از ذرات ممکنات بہمراہی بیچون بمفہوم ایں آیہ کریمہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ بلطائف خمسہ عالم امر من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

Marfat.com

**ترجمہ**: ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ اس آیتِ کریمہ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ کے مفہوم و معنی ہے کہ بموجب میرے اور تمام ممکنات بلکہ ممکنہ ذرات میں سے ہر ذرہ کے ہمراہ ہے۔ اس کا فیض مشائخ عظام کے وسیلہ سے میرے پانچوں لطائف امر تک پہنچ رہا ہے۔

**تشریح**: اس مراقبہ میں ہر لحظہ و ہر ساعت اپنے لطائف کی معیت اور کائنات کے ذرہ ذرہ کے ساتھ خداوند جل وعلا کی معیت کا خیال پختہ کرے اور زبان سے بھی کلمات طیبات کا ورد کرتا رہے۔

مراقبۂ اوّل سے لے کر مراقبۂ احدیت جو کہ مراقبہ نمبر ۱۱ ہے' بنظر کشف تمام عالم دائرہ کی صورت میں نظر آتا ہے۔ اس لیے امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی نے اسے دائرۂ امکان سے تعبیر کیا ہے اور عرش اس دائرے کا قطر دکھائی دیتا ہے۔ اس دائرے کی نچلی قوس میں (یعنی نچلا نصف دائرہ) نفس اور عناصر اربعہ (پانی' مٹی' آگ اور ہوا) اور فوقانی قوس (یعنی اوپر والا نصف دائرہ) میں عالمِ امر کے لطائف مشاہدہ ہوتے ہیں۔ اور یہ پہلا دائرہ ہے۔

جس طرح عالمِ کبیر (کائنات) میں عرش برزخ ہے۔ درمیان عالمِ امر و خلق کے اور دونوں کا جامع ہے۔ اس طرح قلب جو عرش کے اوپر اور دیگر لطائف کے نیچے ہے۔ عالمِ امر و خلق کے مابین




Marfat.com

برزخ اور دونوں کا جامع ہے۔ اسی واسطے قلب کو حقیقت جامعہ بھی کہتے ہیں اور تشبیہہ کے طور پر عرش اللہ بھی کہتے ہیں۔ عالمِ امر کے لطائف کے اصول چونکہ فوق العرش ہیں جو لامکانیت سے موصوف ہیں۔ اس واسطے عالمِ امر کو لامکانی بھی کہتے ہیں مگر یاد رہے کہ ان کی لامکانیت صرف عالمِ خلق کی نسبت سے ہے جو کہ امکانیت چونی و چگونی میں منقسم ہے اور بیچون ذاتِ حق تعالیٰ کی نسبت وہ عین چوں ہے۔ (عالمِ خلق) اور ان کی لامکانیت عین مکانیت ہے۔ پس عالمِ امر گویا برزخ ہے۔ مکانی و لامکانی کے درمیان اور چوں و بیچوں کے اور دو طرف سے بہرہ ور ہے باوجود اس رتبہ کے اللہ تعالیٰ نے عالمِ امر کو عالمِ خلق سے تعشق اور بدن عنصری سے خاص تعلق بخشا ہے۔

اس دائرے کے نصف سافل (نچلے نصف) میں سیر آفاقی اور نصف عالی (اوپر والے نصف) میں سیر انفسی واقع ہوتی ہے۔ سیر آفاقی میں جو انوار نظر آتے ہیں، ان سے صرف تزکیہ تحلیہ کی استعداد و قابلیت پائی جاتی ہے تاوقتیکہ سالک خارج میں سیر انفسی میں اپنے آپ کو مزکی و مطہر نہ دیکھے اور وجدان سے اپنے تئیں مصفیٰ نہ پائے۔ انوار کے مشاہدے پر نازاں نہ ہو جائے۔

جب سالک دائرۂ امکان قطع و طے کر لیتا ہے تو اسے اسماء و صفات کے ظلال کے دائرہ کا مشاہدہ ہوتا ہے۔

اور یہ دائرہ ولایت صغریٰ ہے۔ اس سے مراد اولیاء اللہ کی ولایت ہے۔ اس دائرے میں مراقبۂ معیت کیا جاتا ہے۔

یاد رہے انبیاء و ملائکہ علیہم السلام کے علاوہ تمام ممکنات کا مبدء تعین یہی ظلال ہیں۔

Marfat.com

انہی ظلال کے واسطہ سے اسماء وصفات کے فیوضات سے افرادِ عالم مستفید ہوتے ہیں۔ عالمِ امر کے لطائف کو اسی دائرہ میں فنا و بقا حاصل ہوتی ہے اور صفات فعلیہ' صفات ثبوتیہ ذاتیہ' شیونات و اعتبارات' صفاتِ سلبیہ اور شانِ جامع کی تجلیات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ یہ لطائف عالمِ امر کے اصول کی سیر ہے اور اس دائرہ کے اختتام پر ولایتِ صغریٰ کی سیر اختتام پذیر ہوتی ہے۔

## ۱۸۔ نیتِ مراقبہ' اقربیت

فیض می آید از ذاتِ بیچون کہ اصل اسماء وصفات است کہ نزدیک تر است از من بمن واز رگِ گردن من بمن بہ نزدیکی بلا کیف بمفہوم ایں آیۂ کریمہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ. بلطیفۂ نفسی من باشرکت لطائف خمسۂ عالمِ امر من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ:** ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ اصل اسماء وصفات ہے' بموجب آیۃ کریمہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (ہم اس کی شہ رگ سے بھی قریب ترین ہیں) مجھ سے میرے زیادہ نزدیک ہے اور میری شہ رگ سے بھی قریب ہے۔ اور یہ نزدیکی بلا کیف ہے۔ اس ذات سے پیرانِ کابر کے توسل سے میرے لطائفِ خمسہ عالمِ امر اور لطیفہ نفسی میں فیض آرہا ہے۔ (توقف)

**تشریح:** دوسرا دائرہ جو کہ ولایتِ صغریٰ کا ہے' کے قطع کرنے کے بعد تیسرا دائرہ رونما ہوتا ہے اور اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ یہ تیسرا دائرہ ولایتِ کبریٰ کا ہے جو حقیقت میں انبیاء علیہما السلام کی ولایت ہے اور ان کی تبعیت میں اور وراثت کے طور پر بعض اولیاء کرام کو بھی نصیب ہوتی ہے۔

Marfat.com

یہ تیسرا دائرہ دراصل تین دائروں اور قوس پر مشتمل ہے۔ ان میں سے پہلے دائرے کا نچلا نصف اسماء وصفات زائدہ پر مشتمل ہے اور اوپر والا نصف شیونات ذاتیہ کو متضمن ہے۔ لطائف عالمِ امر کے عروج کی انتہا اس دائرہ اسماء و شیونات کی نہایت تک ہے۔

اس دائرے میں مراقبۂ اقربیت کیا جاتا ہے اور اس مراقبہ میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ اقربیت کا فیض میرے لطیفۂ نفسی اور خمسہ لطائف عالمِ امر میں آرہا ہے۔ اس ذاتِ اقدس کی طرف سے جو شہ رگ سے بھی قریب ہے اور ولایت کبریٰ کے دائرۂ اولیٰ کا منشاء ہے اور یہاں ہی توحیدِ شہودی منکشف ہوتی ہے۔ اس میں نفی و اثبات کے ورد کی کثرت بہت مفید اور ترقی کا باعث ہے۔

## ۱۹۔ نیتِ مراقبہ محبتِ اوّل

فیض مے آید از ذاتِ بیچون کہ اصل اصل اسماء وصفات است کہ دوست می دارد مرا و من دوست می دارم اورا بمفہوم این آیۂ کریمہ یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ خاص بلطیفۂ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم۔

**ترجمہ**: ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ اصل اصل اسماء وصفات ہے جو کہ بمطابق اس آیتِ کریمہ یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں' سے بالخصوص میرے لطیفۂ نفسی میں فیض آرہا ہے۔ بواسطہ پیرانِ کبار کے (توقف)

**تشریح**: تیسرے دائرے ولایت کبریٰ کا دوسرا دائرہ ہے جو کہ پہلے دائرہ اسماء و صفات و شیونات کے دائرے سے فوق ہے اور شیونات کے اصول پر مشتمل ہے۔

اس دائرے میں مراقبۂ محبت کیا جاتا ہے اور اس میں تصور کیا جاتا ہے کہ مقامِ فیض لطیفہ نفسی ہے۔

Marfat.com

## ۲۰۔ نیتِ مراقبۂ محبت دوم

فیض می آید از ذاتِ بیچوں کہ اصل اصل اصل اسماء وصفات است کہ دوست می دارد مرا ومن دوست مے دارم اور ابمفہوم ایں آیۂ کریمہ یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ خاص بلطیفۂ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: اس ذاتِ بیچوں سے فیض آرہا ہے کہ اسماء وصفات کی اصل اصل اصل ہے جو کہ اس آیتِ کریمہ کے مطابق یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ (مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں) اور جو کہ ولایتِ کبریٰ کے تیسرے دائرے کا منشاء ہے' بواسطہ مشائخ عظام کے (توقف)

**تشریح**: یہ دائرہ ولایتِ کبریٰ کا تیسرا دائرہ ہے جو کہ اصل اصل اسماء صفات کے اصول پر مشتمل ہے۔ اس دائرے میں بھی مراقبۂ محبت کیا جاتا ہے اور اس میں تصور کیا جاتا ہے کہ بالخصوص میرے لطیفہ نفسی میں فیض آرہا ہے۔

## ۲۱۔ نیتِ مراقبہ دائرہ قوسی

فیض مے آید از ذاتِ بیچوں کہ اصل اصل اصل اسماء وصفات است و دائرہ قوسیست کہ دوست می دارد مرا ومن دوست می دارم اور ابمفہوم ایں آیۂ کریمہ:
یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ خاص بلطیفۂ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: اس ذاتِ حق تعالیٰ بیچوں سے فیض آرہا ہے جو کہ دائرہ نمبر تین کی اصل ہے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں اور ولایتِ کبریٰ کے فیض کے منشاء کی قوس ہے اور خاص میرے لطیفۂ نفسی میں بواسطہ مشائخ عظام فیض آ

Marfat.com

رہا ہے۔ آیتِ مذکورہ بالا کے بموجب (توقف)

**تشریح**: ولایتِ کبریٰ کے تینٰ دائروں کے اوپر قوس کا سالک مشاہدہ کرتا ہے جو کہ اسماء وصفات کے دائرہ کی نمبر ۴ یعنی چوتھے درجہ پر اصل ہے۔

عالمِ صغیر کی اصل عالمِ کبیر اس کی اصل ظلال اور ظلال کی اصل اسماء وصفات واجبہ اور ان کی اصل شیونات اور شیونات کی اصل اعتبارات اور ان کی اصل ذات شکل و دوائر ولایتِ کبریٰ۔




پہلے دائرے میں ذاتِ بمع صفات ثمانیہ ثبوتیہ کا مشاہدہ ہوتا ہے اور وہ صفات بھی آپس میں ایک دوسرے سے ممتاز نظر آتی ہیں۔ دوسرے میں ذات میں شیونات کا ملاحظہ ہوتا ہے اور شیونات بھی ایک دوسرے سے ممتاز ہوتے ہیں۔ تیسرے دائرے میں اعتبارات وتنزیہات کے ساتھ ذات ہوتی ہے جو کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہیں

Marfat.com

ہوتے اور قوس میں صفات، شیونات، اعتبارات، میں سے کسی کا ملاحظہ نہیں ہوتا بلکہ محض ذاتِ بحث ہوتی ہے۔

نیز دائرہ میں دو قوس ہوتے ہیں، قوس ذاتِ محض، قوس صفات یا شیونات یا اعتبارات چونکہ اعتبارات سے فوق کوئی اضافت یا اعتبار نہیں ہوتا۔ اس لیے وہ نصف دائرے کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور اسے صرف قوس سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

دائرہ محبت اوّل و دوم اور قوس میں تہلیل (نفی و اثبات) اور قرآنِ مجید کی تلاوت زیادہ مفید اور باعث ترقی ہوتی ہے۔ ان میں سالک کو کمال فنا حاصل ہوتا ہے۔ حقیقی اسلام، شرح صدر، عالم کے وجود کا ظل ہونا اور ذاتِ باری تعالیٰ کے وجود کے تابع ہونا (توحیدِ شہودی) پایا جاتا ہے۔ نیز اخلاق رذیلہ کا فنا ہونا اور اخلاقِ حسنہ سے متخلق ہونا میسر آتا ہے۔ ان تجلیات کے حاصل ہونے سے اسماء وصفات کا ظلال، اسمائی وصفاتی تجلیات اور اسم ظاہر کی سیر مکمل ہوتی ہے۔

## ۲۲۔ نیتِ مراقبۂ اسم ظاہر

فیض می آید از ذات بیچوں کہ مسمی باسم ظاہر است بمفہوم ایں آیۂ کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ''۔ خاص بلطیفۂ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: ذاتِ حق تعالیٰ بے چوں جو کہ اسم ظاہر کے ساتھ موسوم ہے۔ اس آیتِ کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ''. (وہی اوّل و آخر، ظاہر و باطن ہے اور وہی ہر شے کو جاننے والا ہے) سے مشائخ عظام کے وسیلہ سے میرے لطیفہ نفسی پر مخصوص طور پر فیض آرہا ہے۔ (توقف)

Marfat.com

**تشریح:** اگرچہ ولایتِ کبریٰ کے تین دائروں اور قوس سے تزکیۂ نفس حاصل ہو جاتا ہے اور بری عادات، اچھے خصائل میں تبدیل ہو جاتی ہیں لیکن فخر و غرور اور رعونت ابھی باقی ہے۔ ان کو دُور کرنے کے لیے سالک کو اسمِ ظاہر کا مراقبہ ضروری ہے تاکہ سیر آفاقی پایۂ تکمیل تک پہنچ سکے۔

## ۲۳۔ نیتِ مراقبۂ اسمِ باطن

فیض می آید از ذاتِ بیچوں۔ کہ مسمیٰ باسم باطن است کہ منشاء ولایت علیا است کہ ولایت ملاءالاعلیٰ است بمفہوم ایں آیۂ کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ. بعناصر ثلثہ من کہ آب و باد و نار است بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ:** ذاتِ حق تعالیٰ بے چوں جو کہ اسم باطن سے موسوم ہے کہ ولایت علیا کی منشا ہے۔ اس آیتِ کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ. سے بزرگانِ دین کے توسل سے میرے تین عناصر (پانی، آگ اور ہوا) میں فیض آ رہا ہے۔

**تشریح:** اسماء وصفات میں دو اعتبار ہیں۔ ایک ان کے وجود بذاتِ خود کی جہت اسے ظہور کہتے ہیں۔ اس لحاظ سے اسم ظاہر کا اطلاق صادق آتا ہے دوسرے ذاتِ حق تعالیٰ کے ساتھ ان کے قیام کی جہت جسے بطون کہتے ہیں اور اس لحاظ سے اسم الباطن کا اطلاق صادق آتا ہے۔ پس اسماء وصفات ظہور کے اعتبار سے انبیاء علیہم السلام کے مربی اور مبادیٔ تعین ہیں۔ اس مقام تک وصول ولایتِ کبریٰ یا ولایت انبیاء کہلاتا ہے جیسا کہ مرتبہ ظلال تک ولایتِ صغریٰ یا ولایت اولیاء کہلاتا ہے اور یہی

Marfat.com

اسماء صفات بطون کے اعتبار سے ملائکہ وفرشتوں کے مربی اور مبادئ تعینات ہیں۔
اس مقام تک وصول ولایتِ علیا اور ولایتِ ملاء اعلیٰ کہلاتا ہے اگر چہ فرشتوں کی ولایت انبیاء علیہم السلام کی ولایت سے اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب واقرب ہے مگر فرشتوں کو اس مقام سے ترقی نہیں ہوتی بلکہ ایک ہی مقام تک محدود رہتے ہیں۔ وَمَا مِنَّا اِلَّا لَهٗ مَقَام" مَعْلُوْم" جبکہ انبیاء علیہم السلام کو ترقیات ہیں۔ فرشتوں کے مقابلہ میں بھی اور اس سے اوپر بھی جو کمالات ثلثہ ہیں اسی وجہ سے انبیاء علیہم السلام فرشتوں سے افضل ہیں۔ جیسا کہ اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے۔
خلاصہ یہ ہے کہ اسمِ ظاہر کی سیر ولایتِ کبریٰ اور اسم الباطن کی سیر ولایتِ علیا ہے اور یہ مقامات کا چوتھا دائرہ ہے۔ اس کے اندر نوافل خصوصاً طویل قرأت کے ساتھ زیادہ مفید اور ترقی کا باعث ہیں اور یہاں رخصت پر عمل اچھا نہیں بلکہ عزیمت (اصل حکم) پر عمل کرنا چاہیے کیونکہ رخصت پر عمل انسان کو بشریت کی طرف کھینچتا ہے اور عزیمت پر عمل مَلَکِیّتْ کے ساتھ مناسبت زیادہ ہوگی۔ اسی قدر اس ولایت میں ترقی جلد حاصل ہوگی۔ اربابِ کشف کو اس مقام پر فرشتوں کے دیدار کا شرف بھی حاصل ہو جاتا ہے اور ان کے پُر اسرار باطنہ منکشف ہوتے ہیں۔

## ۲۴۔ نیتِ مراقبۂ کمالات نبوت

فیض می آید از ذاتِ بیچون کہ منشاء کمالات نبوت است بہ عنصر خاک من بواسطۂ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: بے چوں ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ کمالاتِ نبوت کی منشا ہے سے میرے عنصر خاک میں فیض آرہا ہے۔ بواسطہ مشائخ عظام علیہم الرضوان۔ (توقف)

Marfat.com

**تشریح:** اسمِ باطن کی سیر کے بعد اگر فضلِ الٰہی شامل ہو تو کمالاتِ نبوت یعنی تجلی ذاتی دائمی بے پردہ اسماء و صفات میں سیر شروع ہو جاتی ہے اور مقامات کا یہ پانچواں دائرہ ہے۔ اس کے آگے تین درجات ہیں۔ پہلا درجہ کمالاتِ نبوت کا ہے اس مقام میں ذاتِ باری تعالیٰ کا مشاہدہ بغیر صفات کے ہوتا ہے کیونکہ صفات کا زائد وجود ہے ذات سے لہٰذا صفات سے ذات کا الگ ہونا ممکن ہے اگرچہ حقیقتاً میں الگ نہیں ہوتی' عارف بمطابق المرء مع من احب (آدمی اسی کے ساتھ ہوتا ہے جس سے اسے محبت ہے) کی محبت ذاتِ باری تعالیٰ سے ہے۔ لہٰذا وہ اسی ذاتِ حق کے ساتھ رہنا پسند کرتا ہے۔ گزشتہ ولایات ثلثہ اور تجلیات صفات و شیونات و اعتبارات اس مقام میں ظل کی مانند ہیں اور ذاتِ حق تعالیٰ ان سے وراء الوراء ہے۔ نیز اس دائرہ میں عارف پر حروفِ مقطعات اور متشابہات کے اسرار و رموز منکشف ہوتے ہیں اور اب عروج کے بعد نزول شروع ہو جاتا ہے اگر نزول تام نہ ہو تو کمالاتِ نبوت سے متصف نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ ابھی وہ اہلِ تمکین میں شامل نہیں ہوا اور ابھی تک مشاہدہ ظلال سے آگے تجاوز نہیں کر سکا اور اس کا مشہودی ایمان' ایمان بالغیب میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ پوری تشریح انشاء اللہ کتاب التصوف میں آئے گی۔ نیز اس مقام پر کثرتِ تلاوتِ قرآن ترقی کا باعث ہوتی ہے' خصوصاً نماز میں۔

## ۲۵۔ نیتِ مراقبہ کمالاتِ رسالت

فیض می آید از ذاتِ بیچوں کہ منشاء کمالاتِ رسالت است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ:** ذاتِ بیچوں حق تعالیٰ کہ کمالاتِ رسالت کی منشاء ہے' سے میری ہیئت

Marfat.com

وحدانی میں فیض مشائخ عظام کے توسل سے آ رہا ہے۔ (توقف)

## ۲۶- نیتِ مراقبہ کمالاتِ انبیاء اولوالعزم

فیض می آید از ذاتِ بیچوں کہ منشاء کمالات انبیاء اولوالعزم است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: بے چوں حق تعالیٰ کی ذات جو کہ اولوالعزم انبیاء کے کمالات کی منشاء ہے' سے مشائخ عظام کے توسل سے میری ہیئت وحدانی میں فیض آ رہا ہے۔

یہ مقام اولوالعزم انبیاء سے مخصوص ہے۔ تجلی ذاتی دائمی کا تیسرا درجہ ہے اور اولوالعزم انبیاء علیہم السلام صرف چھ ہیں۔ سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم' سیدنا ابراہیم خلیل اللہ' سیدنا نوح' سیدنا موسیٰ اور سیدنا عیسیٰ اور ابوالبشر آدم علیٰ نبینا و علیہم السلام یہ بھی درجات میں مختلف ہے۔ سب سے بلند درجہ ہمارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔ آپ کے بعد جس کا زمانہ جتنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوگا وہ اتنا ہی بلند درجہ ہوگا لہٰذا آپ کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام بلند درجہ پر فائز ہیں ان کے بعد حضرت موسیٰ پھر حضرت ابراہیم پھر نوح علیہ السلام پھر آدم علیہم السلام انبیاء میں سے بلند مقام پر فائز ہیں اور یہی حکمت ہے لطیفہ خفی زیر عیسیٰ سری کے زیر قدم موسیٰ علیہ السلام روحی کے زیر قدم ابراہیم ونوح علیہ السلام کے اور قلبی کا زیر قدم حضرت آدم علیہم السلام کے ہے اور سب سے ارفع لطیفہ ہے اخفی وہ سب سے فائق نبی خاتم الانبیاء علیہم السلام کے زیر قدم ہے۔ ان کا عزم خواہ اللہ سے ماموریا نہ ہو مطلقاً اللہ تعالیٰ کی رضا سے واقع ہوتا ہے۔ یہ کمالاتِ رسالت کا نقطہ اخیرہ ہے جو صرف اولوالعزم رسل علیہم السلام کو حقیقت میں حاصل ہے اور ان کے توسل و

Marfat.com

تبعیت و وراثت سے کاملین اولیاء کو بھی حاصل ہو جاتا ہے۔

یہ کمالات بھی دائرہ کی شکل میں رونما ہوتے ہیں۔ دائرہ کمالاتِ نبوت کے اندر کمالاتِ رسالت کا دائرہ اور اس کے مرکز میں کمالات اولوالعزم کا دائرہ اور اس دائرے کے مرکز میں خاتم الرسالت کا دائرہ۔




صاحبِ کمالات خاتم الرسالت ولایت وکمالات وحقائق واسرار ومعارف کا ختم کرنے والا یعنی خاتم ہے۔

## دائرہ قیومیت:

ان کمالات کے حصول کے بعد قیومیت کا دائرہ مشہود ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ دائرہ اولوالعزم سے مترشح ہے۔

---

[1] از یں مراقبہ الی آخر مراقبات حضور در لطیفہ اخفا۔ اخفاء میباشد کہ ایں سخن را غیر مرۃ از جناب ایشاں شنیدہ ام۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

لیکن اس کے ارفع واعلیٰ بالشان ہونے کی وجہ سے علیحدہ بیان کیا جاتا ہے۔ کمالاتِ اولوالعزم دائرہ کے بعد قیومیت وخلافت کا دائرہ مشہود ہوتا ہے۔

## دائرہ قیومیت

چونکہ اس مقام میں کمال درجہ نزول تام ہوتا ہے اور رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا مکمل ترین نائب ہوتا ہے۔ عام انسان میں اس طرح نظر آتا ہے کہ جیسا کہ وہ عام انسان ہو۔ لہٰذا اس مقام کے عارف کی پہچان دوسروں سے زیادہ مشکل ہوتی ہے۔ اسی لیے مخالفت بھی سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ البتہ اس کی توجہ نہایت قوی التاثیر ہوتی ہے۔

اور عصر حاضر کے قیوم میرے مرشد کامل واکمل شیخ المشائخ حضرت سیدی سیف الرحمٰن انوندزادہ پیرارچی خراسانی آف مرشد آباد (خیبر ایجنسی باڑہ پشاور' پاکستان) ہیں۔

مذکورہ بالا تمام کمالات وفیوضات جو اب تک عارف حاصل کر چکا ہے' کمالاتِ قیومیت کے سامنے مانند ظل وشبح ومثال کے ہیں اور یہ منصب تمام مقاماتِ مذکورہ سے ارفع واعلیٰ ہے۔

کمالاتِ ثلاثہ کے بعد سلوک کے دو راستے ہیں۔ ایک بجانب حقائقِ الٰہیہ دوسرا بجانب حقائق انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام مرشد جس طرف چاہے کہ طالب کو چلائے چونکہ سب سے قبل ان حقائق کو بیان فرمانے والے امام ربانی عارف حقانی سیدنا مجدد

Marfat.com

الف ثانی قدست اسرارہ ہیں اور آپ نے حقائق الٰہیہ کا پہلے ذکر فرمایا ہے۔ اسی لیے میرے مرشد گرامی مجددِ عصر ہذا قیوم زماں حضرت مبارک صاحب قدست اسرارہ بھی حقائق الٰہیہ کے مراقبات پہلے ہی کراتے ہیں۔

## ۲۷۔ نیتِ مراقبہ حقیقت کعبہ ربانی

فیض می آید ذات بیچون کہ مسجود جمیع ممکنات است و منشاء حقیقت کعبہ ربانی است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: بے چوں و بے مثل ذات تعالیٰ جو کہ تمام ممکنات کی مسجود اور حقیقت کعبہ ربانی کی منشاء ہے، سے بوسیلہ مشائخ عظام علیہم الرضوان میری ہیئت وحدانی میں فیض آ رہا ہے۔ (توقف روز)

**تشریح**: حقیقت کعبہ سے مراد سرِ اوقات عظمتِ کبریا یا نور صرف ہے جو تمام کا مسجود اور تمام تعینات کا اصل ہے۔ سرِاوقاتِ عظمت و کبریا میں اضافت بیانیہ یعنی عظمت و کبریا جو ذاتِ پاک کے سراوقات ہے (سر پردے) حدیث قدسی میں ہے۔ اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِی وَالْعَظْمَۃُ اِزَادِی فَمَنْ نَازَعَنِی فِیْھِمَا اَحْطّہ فِی نَارِی (کبریائی میری ردا (چادر) اور عظمت میری ازار (تہ بند) ہے۔ پس جو شخص ان دونوں میں میرے ساتھ منازعت کرے، میں اسے آگ میں پھینک دوں گا) جس طرح چادر اور تہ بند انسان کے بدن کو چھپاتے ہیں اسی طرح صفتِ عظمت و کبریاء اللہ تعالیٰ کی حقیقت وادراکِ بصر سے مانع ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے۔ لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ آنکھ اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔ نورِ صرف کا حال نورِ آفتاب کے انتشار کا سا ہے جو اس کے قرب کا حاجب ہے، نور عین قرص سے منتشر ہو کر اس کا

Marfat.com

حجاب بن جاتا ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔ حجابه النور بلکہ حقیقت کعبہ ذاتِ الٰہی ہے۔ بحیثیتِ مسجودیت و معبودیت اور مرتبہ احدیت ہے اور صور علمیہ جو کہ ذاتِ باری کا مرتبہ واحدیت ہے، اس سے بھی فوق ہے۔ حضرت وجود سے بھی فوق ہے کیونکہ حضرت امام ربانی قدس اسرارہ کے قدیم قول کے مطابق وجود تعینِ جبی حقیقت محمدیہ اور حقیقتِ کعبہ اس تعینِ جبی سے بھی فوق ہے۔ اسی بناء پر حضرت امام ربانی مذکور ارشاد فرماتے ہیں کہ صورت کعبہ صورت محمدیہ اور حقیقت کعبہ حقیقتِ محمدیہ سے فوق ہے کیونکہ صورت کعبہ صورت محمدیہ اور حقیقت کعبہ حقیقت محمدیہ کی مسجود ہے اور چونکہ حقیقت محمدیہ مراتب تعینات سے مترشح ہوتی ہے۔ یہ حقیقت کعبہ مراتب تعینات سے فوق ہے۔

اس مقام پر سالک کو ذاتِ پاک کی عظمت و کبریائی نظر آتی ہے اور دریائے ہیبت وجلال میں مستغرق ہو جاتا ہے جب لاکھوں میں سے ایک عارف کو اس مرتبہ میں فنا و بقاء حاصل ہوتی ہے تو وہ ممکنات کی توجہ اپنی طرف پاتا ہے۔

## ۲۸۔ نیتِ مراقبہ حقیقت قرآن مجید

فیض می آید از وسعت بیچون حضرت ذات کہ منشاء حقیقت قرآن مجید است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ:** ذات بے چوں حق تعالیٰ جو کہ حقیقت قرآن مجید ہے، کی وسعت سے بواسطہ مشائخ عظام میری ہیئت وحدانی میں فیض آ رہا ہے۔

**تشریح:** حقائق الٰہیہ میں سے دوسرا دائرہ حقیقت قرآن ہے۔ حقیقت قرآن سے مبدء وسعتِ بے چوں ذاتِ باری تعالیٰ مراد ہے اور یہ حقیقت کعبہ ربانی سے

Marfat.com

فوق ہے۔ حقیقت کعبہ کو تو نورِ صرف یا نورِ محض سے تعبیر کیا جاسکتا تھا مگر حقیقت قرآن پر نور کے اطلاق کی بھی گنجائش نہیں۔ اسی طرح سہ گانہ ولایت اور کمالاتِ نبوت سے بھی برتر ہے۔ اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے کہ حضرت حق تعالیٰ ازل تا ابد واحد بسیط کلام کے ساتھ متکلم ہے۔ امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں کہ کلامِ الٰہی کے واحد بسیط ہونے کے باوجود تفصیل موجود ہے۔ انشاء (اوامر و نواہی) اور اخبار کا نور جدا جدا ہے کیونکہ عین اجمال میں وسعت و تفصیل کا پایا جانا صفات و وسعت کمال سے ہے۔ اس مرتبہ کی اجمال و تفصیل فہم و عقل انسان سے بالاتر ہے۔ اس مقام پر عارف کامل پر قرآن مجید کے مقطعات اور متشابہات منکشف ہو جاتے ہیں۔ قرآنی مقطعات جو کہ محبوب و محبّ کے درمیان بلاواسطہ اسرار ہیں۔ اوپر والا نصف دائرہ ہیں اور متشابہات جو کہ محبوب و محبّ کے درمیان بالواسطہ رموز ہیں، وہ نچلا نصف دائرہ ہیں۔




Marfat.com

نیز قرآن مجید کا ایک ایک حرف ایک دریا نظر آتا ہے۔ جو کعبہ مقصود تک پہنچانے والا ہے۔ تلاوتِ قرآن مجید میں نہایت درجہ کی حلاوت محسوس ہوتی ہے اور احکم الحاکمین سے۔ رازونیاز کی باتیں کرتا ہے۔ بسا اوقات تمام بدن ہی زبان بن جاتا ہے۔

## ۲۹۔ نیتِ مراقبہ ٔحقیقت صلوٰۃ

فیض می آید از کمال وسعت بیچون حضرت ذات کہ منشاء حقیقت صلوٰۃ است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف)

**ترجمہ**: ذاتِ حق تعالیٰ کے وسعت کمال سے جو کہ منشاء حقیقت صلوٰۃ ہے، بوسیلہ مشائخ عظام میرے ہیئت وحدانی میں فیض آرہا ہے۔ (توقف روز)

**تشریح**: حقیقت صلوٰۃ سے مراد کمال وسعت بیچوں ذات پاک حق تعالیٰ ہے۔ حقیقت کعبہ اور حقیقت قرآن اس کے جزء نظر آتے ہیں اور حقیقت صلوٰۃ سب کمالات کی جامع ہے۔ شبِ معراج میں جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قف یا محمد فَاِنَّ رَبَّکَ یُصَلِّیْ تو ممکن ہے کہ اسی حقیقتِ صلوٰۃ کی طرف اشارہ ہو، مضمونِ حدیث اَنْ تَعْبُدَ اللہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ اس جگہ پر بوجہ کمال ظاہر ہوتا ہے۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اسی حالت کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے فرمایا۔ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤمِن نیز فرمایا اَقْرَبُ مَایَکُوْنَ العبدُ من الربِ فِی الصَّلٰوۃ نیز قرۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃ اور اَرِحْنِیْ یَا بِلَالُ اور جو کمالات ومشاہدات نماز کے باہر مشہور ہوتے ہیں، وہ نماز کے اندر والے کمالات کے مقابل ظلال کی مانند ہیں اور جو حقیقتِ صلوٰۃ سے واقف ہے، وہ نماز کے دوران ظاہر سے مطلقاً تعلق ختم کر کے عالمِ غیب سے ملحق ہو جاتا ہے جس کی کیفیت معلوم نہیں ہو سکتی۔ یہ تمام کمالات اور حقائق اس

Marfat.com

وقت منکشف ہوتے ہیں کہ جبکہ کتب فقہ کے مطابق نماز کے فرائض، شرائط، واجبات، سنن و مستحبات کا لحاظ رکھا جائے۔ اسی لیے فرمایا: اِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ اِلاَّ عَلَی الْخَاشِعِیْنَ.

## ۳۰۔ نیتِ مراقبہ، معبودیت صرفہ

فیض می آید از ذاتِ بیچون کہ منشاء معبودیت صرفہ است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم

**ترجمہ:** حضرت ذاتِ حق تعالیٰ بے چوں کہ جو منشاء معبودیت صرف ہے، سے مشائخ عظام کے وسیلہ جلیلہ سے میری ہیئت وحدانی میں فیض آ رہا ہے۔ (توقف روز)

**تشریح:** یہ مقام مرتبہ صلوٰۃ سے فوق ہے کیونکہ اس کے اوپر محض مرتبہ وجوب ہے۔ حضرت تقدس و تعالیٰ کے مرتبہ تجرد و تنزیہہ کے واسطے سے صادر ہے۔ عارفین کاملین کی میر قدمی کی نہایت حقیقت صلوٰۃ کی نہایت تک ہے اس کے اوپر معبودیت صرف ہے۔ اس دولت میں کسی کو کسی طرح بھی شرکت کی اجازت نہیں تا کہ اوپر کوئی قدم رکھے یہاں تک تو عبادت و عابدیت کی آمیزش تھی، نظر کی طرح قدم کی بھی گنجائش ہے اور جب معاملہ معبودیت محضہ تک پہنچتا ہے تو قدم کوتاہی کرتا ہے اور اس کی سیر ختم ہو جاتی ہے لیکن بحمدہٖ تعالیٰ وہاں سیر نظری کی ممانعت نہیں اور عارف کی استعداد کے مطابق نظر کی اجازت ہے اور یہاں کلمہ طیبہ کی حقیقت بالکل عیاں ہو جاتی ہے۔ غیر مستحقہ آلہہ کی عبادت کی اس جگہ نفی متصور ہوتی ہے اور معبود حقیقی کا اثبات کہ جس کے سوا کوئی عبادت کے مستحق نہیں، اس مقام میں حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

عابدیت و معبودیت میں فرق بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ مبتدی و متوسط کے حال کے مناسب لاموجود اور لامطلوب الا اللہ ہے۔ اس سے فوق لامقصود الا اللہ ہے' سب سے فوق لامعبود الا اللہ ہے۔ اس مقام کے مناسب ہے۔ یہ بھی یاد رکھیے کہ اس مقام میں ترقی اور نظر میں تیزی عبادت کے واسطہ سے وابستہ ہے۔ دوسری عبادتیں شاید اس کی تکمیل میں مدد کریں (خلاصہ مکتوب نمبر ۷۷ دفتر سوم) تفصیل شرح مراقبات میں آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز

## ۳۱۔ نیتِ مراقبہ' حقیقت ابراہیمی علیہ السلام

فیض می آید از حضرت ذات بے چوں کہ محبّ صفات خود است و منشاء حقیقت ابراہیمی علیہ السلام است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ**: حضرت بے چوں ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ اپنی صفات کی محب اور منشاء حقیقت ابراہیمی علیہ السلام ہے' سے مشائخ عظام کے توسل سے میری ہیئت وحدانی میں فیض آرہا ہے۔ (توقف)

**تشریح**: اس مقام پر سالک کو اللہ تعالیٰ کی ذات سے ایک خاص قسم کا انس پیدا ہو جاتا ہے اور تمام مخلوق سے اس قدر بے توجہی و بے التفاتی ہو جاتی ہے کہ کسی توسط و توسل پر راضی نہیں ہوتا گویا حضرت ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ السلام نے آتش نمرود میں جو جواب حضرت جبریل علیہ السلام کو دیا تھا (اما الیک فلا) یعنی مجھے تیری کوئی حاجت نہیں' اس کا مصداق بن جاتا ہے اور یہاں درودِ ابراہیمؑ کا پڑھنا زیادہ مفید اور باعثِ ترقی ہے۔

Marfat.com

## ۳۲- نیتِ مراقبہ حقیقت موسوی

فیض می آید از حضرت ذاتِ بیچوں کہ محبّ ذات خود است و منشاء حقیقت موسوی است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ**: اس ذات بے چوں حق تعالیٰ سے جو کہ اپنی ذات کی محبّ اور حقیقت موسوی کی منشاء ہے، سے میری ہیئت وحدانی میں بوسیلۂ مشائخ عظام فیض پہنچ رہا ہے۔(توقف روز)

**تشریح**: اس مقام میں محبت ذاتیہ ہے۔اس کے باوجود شانِ استغنائی اور بے نیازی بھی ظاہر ہوتی ہے۔یہی راز ہے کہ بعض مواقع پر حضرت کلیم اللہ علیٰ نبینا وعلیہ السلام سے بظاہر خلافِ ادب کلمات سرزد ہوئے۔جیسا کہ قرآن مجید ہے۔اَتُھْلِکُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَھَآءُ مِنَّا اِنْ ھِیَ اِلَّا فِتْنَتُکَ (کیا ہمیں ہمارے بے وقوفوں کے اعمال کی وجہ سے ہلاک کرتا ہے۔یہ محض تیری آزمائش ہے) اور نیز یہ مقام، مقام شوق بھی ہے جیسا کہ فرمایا۔رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ (اے میرے رب میں تیری زیارت کرنا چاہتا ہوں تو اپنی زیارت کرا دے)

اس مقام کے عارف کو یہ درود شریف تقریباً تین ہزار کے قریب روزانہ پڑھنا مستحسن اور بہتر ہے لازمی نہیں۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِخْوَانِہٖ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ خُصُوْصًا عَلٰی کَلِیْمِکَ سَیِّدِنَا مُوْسٰی.

## ۳۳- نیتِ مراقبہ حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

فیض می آید از حضرت ذاتِ بیچوں کہ محبّ ذات خود است و محبوب ذات خود است و

Marfat.com

منشاء حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم یسہت بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ**: بے چوں ذاتِ حق تعالیٰ جو کہ اپنی ذات کی محب اور محبوب بھی ہے اور منشاء حقیقت محمدیہ ہے، سے بوسیلہ مشائخ عظام میری ہیئت وحدانی پر فیض آ رہا ہے۔

**تشریح**: یہ حقائق کی اصل اور حقیقت الحقائق ہے اور دیگر حقائق خواہ انبیاء علیہم السلام کی ہوں یا ملائکہ کی اس حقیقت الحقائق کے سامنے ظلال کی مانند ہے۔ اسی لیے آپ کی شان میں فرمایا:

لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ وَلَمَا اَظْهَرْتُ الرَّبُوْبِیَّة.

اسی بناء پر خود حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ اور اس کے اوپر کوئی حقیقت نہیں کیونکہ تعین اوّل کے دائرہ کا یہ مرکز ہے۔ سب سے افضل اولیاء محمدی المشرب کے سلوک کی یہ انتہا ہے اور اس سے ترقی جائز نہیں کیونکہ اس سے اوپر قدم رکھنا دائرہ امکان سے نکل کر وجوب میں قدم رکھنے کے مترادف ہے جو کہ شرعاً اور عقلاً محال ہے۔

میاں فقیر اللہ جلال آبادی فرماتے ہیں کہ قطب الاقطاب مجدد الف ثانی قدس اسرارہ کو تعین اوّل تعین حبی سے فوق جو عروجات نصیب ہوئے، وہ مرض موت میں اس رات حاصل ہوئے جس شب کو آپ نے رحلت فرمائی، اس کی پوری تفصیل انشاء اللہ شرح مراقبات میں بیان کروں گا۔

اور اس مقام پر سالک کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے خاص محبت پیدا ہو جاتی ہے اور ہر امر میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہی اتباع اچھا معلوم ہوتا

Marfat.com

ہے۔امام الطریقہ امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے قول مبارک (خدارا ازاں مے پرستم کہ اورب محمد است) کے معنی اس جگہ ظاہر ہوتے ہیں یہاں یہ درود پڑھنا نہایت مفید ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَل صَلٰوٰاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

## ۳۴۔ نیتِ مراقبہ حقیقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم

فیض می آید از ذاتِ بیچوں کہ محبوب ذات خود است ومنشاء حقیقت احمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم ایست بہ ہیئت وحدانی مَن بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ:** فیض آرہا ہے میری ہیئت وحدانی پر اس ذات پاک سے جو اپنی محبوب آپ ہے اور جو منشاء حقیقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

**تشریح:** یہ مقام محبوبیت محضہ ہے لیکن اس کا تعلق روحی ہے اور اس کو دائرہ محبوبیت صرفہ بھی کہا جاتا ہے یہاں بھی درود شریف مفید ہے جو حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں مذکور ہوا۔

## ۳۵۔ نیتِ مراقبہ حب صرف

فیض می آید از ذات بیچوں کہ منشاء حب صرف است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ:** فیض آرہا ہے میری ہیئت وحدانی پر اس ذات پاک بیچوں سے جو منشاء حب صرفہ ہے بواسطہ مشائخ عظام۔

**تشریح:** اس مقام پر نسبت کا کمالِ علو اور باطن کی بے رنگی ظاہر ہوتی ہے کیونکہ یہ

Marfat.com

مرتبہ اطلاق ولاتعین کے بہت قریب ہے۔ یہ مقام ہمارے پیارے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خاص مقامات سے ہے۔ دوسرے انبیاء علیہم السلام کے حقائق کا یہاں نشان تک نہیں ملتا کیونکہ یہی تعین جبی اور حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس کا اوپر بیان ہوا۔

## ۳۶۔ نیتِ مراقبہ لاتعین

فیض می آید از ذات مطلق بیچوں کہ موجود است بوجود خارجی ومنزہ است از جمیع تعینات بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم (توقف روز)

**ترجمہ**: فیض آرہا ہے میری ہیئت وحدانی پر اس ذات پاک سے جو تعینات سے مبرا ہے، بواسطہ مشائخ عظام کے۔

**تشریح**: یہاں سیر قدمی کی گنجائش نہیں اگر کسی پر فضلِ الٰہی ہو جائے تو صرف سیر نظری ہوگی۔ یہ مقام بھی حضور سرورِ انبیاء علیہم السلام کے خصائص سے ہے۔ لِیُ مَعَ اللہِ وَقْت" لَایَسَعُنِیُ فِیُہِ مَلَک" مُقَرَّب" وَلاَ نَبِیّ" مُرُسَل" اسی مقام کی طرف اشارہ ہے۔ حضور علیہ السلام کے طفیل سے آپ کے بعض اُمتیوں کو بھی اس خوانِ نعمت سے اُلش عطا ہوا ہے۔

اگر بادشاہ بر در پیر زن
بیاید تو اے خواجہ سبلت مکن

اس سے حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت نمایاں ہو جاتی ہے کہ آپ کے نمک خوار اور اُلش خوار بھی اس دولت سے مشرف ہوتے ہیں۔

خلاصہ: مراقبات کے ضمن میں تین ولایتیں، تین کمالات اور سات حقائق مذکور ہیں۔

Marfat.com

ان کے علاوہ کچھ مقامات کا ذکر ہوا ہے۔ یہ تمام گویا دریا میں سے قطرے کا ذکر ان اوراق میں کیا گیا ہے۔ اس معزز خاندان کے تمام متوسلین کو حاصل نہیں ہوتے بعض ولایت قلبی بلکہ دائرہ امکان تک رہ جاتے ہیں۔ بعض کو ولایتِ کبریٰ اور بعض کو ولایت علیا حاصل ہوتی ہے اور بہت کم کو کمالاتِ ثلثہ حاصل ہوتے ہیں اور خال خال حقائق سبعہ وغیرہ سے فائز ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

# اسباق سلسلۂ چشتیہ ہاشمیہ سیفیہ

خواجۂ خواجگان کامل العصر ومکمل الدہر اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب مبارک دامت برکاتہم العالیہ سلسلہ نقشبندیہ کی تکمیل کے بعد سلسلۂ چشتیہ کے اسباق کی تعلیم دیتے ہیں۔
آپ رحمۃ اللہ علیہ کا طریقہ تعلیم سلسلہ چشتیہ صابریہ درج ذیل ہے:

## پہلا سبق:

آپ رحمۃ اللہ علیہ سلسلۂ چشتیہ کا پہلا ذکر ''ھو'' دیتے ہیں۔
طریقۂ ذکر: ''ھو'' لطیفۂ روحی سے تصور کے ساتھ لطیفۂ قلب پر اور پھر قلب سے سر، سر سے خفی، خفی سے اخفیٰ۔ اس طرح تمام لطائف سے ہوتے ہوئے دوبارہ لطیفہ روحی پر ضرب لگانا چاہیے اور زبان سے بھی کہنا چاہیے کلمہ ''ھو'' کو تلوار جیسا فرض کرنا چاہیے اور ماسوا اللہ کو باطن سے نکال دینا چاہیے۔ چرخ کی طرح لطائف میں گردش کرنا چاہیے۔ عروج کے لیے لاتعین تک ایک بلا کیف مینار تصور کر کے اس کے باہر کی طرف اس پر سیڑھی کا تصور کرتے ہوئے عروج کیا جاتا ہے۔ پہلی دفعہ شروع کرنے پر ''ھو جل جلالہ'' اور سو دفعہ پورا ہونے پر بھی جل جلالہ کہنا ہے۔

## دوسرا سبق:

چشتیہ مبارکہ کا دوسرا ذکر ''اللہ ھو'' ہے، اس کو اس طرح پڑھنا چاہیے کہ دونوں الفاظ یعنی اللہ کو الگ کریں۔ نیز اللہ کے آخر میں ''ھا'' ہے، اس کی بھی آواز آئے اور لفظ ''ھو''

Marfat.com

الگ کر کے ظاہر کریں کیونکہ یہ دونوں الگ الگ نام ہیں۔ ان کو ایک نام بنا کر پڑھنا یعنی ''اللہ'' یا ''الاھو'' پڑھنا درست نہیں۔

طریقۂ ذکر: اللہ کا تصور قلب پر ضرب اور ھو کا تصور روح پر ضرب لگائیں اور زبان سے (اسم ذات) بھی کہنا ہے۔ ہر لفظ کو دوسرے سے جدا کر کے پڑھنا چاہیے اور لاتعین تک ایک مینار تصور کر کے اس کے اندر گول گردش کے ساتھ لاتعین تک عروج کرنا ہے۔ پہلی دفعہ جل جلالہ سو مرتبہ پورا ہونے پر بھی جل جلالہ کہنا ہے۔

## تیسرا سبق:

تیسرا ذکر ''ھو اللہ'' ہے ''ھو'' کا تصور روح پر ''اللہ'' کا تصور قلب پر۔ زبان سے بھی ادا کرنا چاہیے۔ پہلی دفعہ اور سو مرتبہ پڑھنے کے بعد جل جلالہ کہنا ہے۔

## چوتھا سبق:

طریقہ چشتیہ کا چوتھا ذکر مبارک اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ لَیْسَ الْھَادِیْ اِلَّا ھُوْ ہے اس کا طریقۂ ذکر اس طرح ہے کہ اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ قلب پر اور ''اَلْحَق'' کا تصور اخفیٰ پر ''لَیْسَ الْھَادِیْ اخفیٰ'' سے دوبارہ قلب اور ''ھو'' کا تصور روح پر کرائے ساتھ ہی ساتھ زبان سے بھی کہنا ہے۔

یہ ذکر انتہائی عجز و انکساری کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہ نزولی سبق کہلاتا ہے۔

طریقۂ چشتیہ کے اسباق ختم ہوئے۔ چشتیہ مبارکہ میں عدد کی مراعات نہیں ہے بلکہ نقشبندیہ کی طرح دائمی ذکر کیا جاتا ہے۔ مراقبات: حضرت مبارک صاحب فرماتے ہیں، نقشبندیہ کے مراقبات ہی چشتیہ کے لیے کافی ہیں۔

Marfat.com

# اسباق طریقہ قادریہ وسہروردیہ ہاشمیہ سیفیہ

قیومِ زماں مجدد وقت حضرت اخوندزادہ سیف الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم مرید کو سلسلۂ چشتیہ کی تکمیل کے بعد سلسلہ قادریہ مبارکہ کے اسباق کی تعلیم دیتے ہیں جس کے اسباق کی ترتیب اور طریقہ ذکر درج ذیل ہے۔

مشائخ سلسلہ قادریہ سیفیہ مریدین کو استغفار کا حکم دیتے ہیں۔ اس کا بہتر وقت صبح صادق سے قبل نمازِ تہجد کے بعد ہے اگر اس وقت نہ پڑھ سکے تو نمازِ عصر کے بعد پڑھ لیا جاتا ہے۔ دن رات میں تین سو تیرہ مرتبہ مندرجہ ذیل استغفار پڑھا جاتا ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ - یہ استغفار خارج از اسباق ہے لیکن تزکیۂ نفس کے لیے مشائخ عظام حکم دیتے ہیں۔

استغفار کے علاوہ سلسلہ قادریہ کے نو اسباق ہیں:

## ا- پہلا سبق

نفی اثبات یعنی کلمہ طیبہ (لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ) اس کا طریقہ یہ ہے کہ لفظ ''لا الہ'' سے تصور میں جھاڑو بنا کر اس کے ذریعے قلب وباطن سے ماسوا کی کدورت وظلمت کو صاف کرتے ہوئے سینے کی طرف لطائف سے ہوتے ہوئے دائیں کندھے کی طرف اُٹھایا جاتا ہے اور لفظ ''الا اللہ'' بغیر ''ھا'' ملائے قالب تک لے جائے اور لفظ ''یہ ھاء کو بائیں کندھے پر لے جائے اور ''اِلَّا اللّٰہ'' کی ضرب قوت شدت کے ساتھ قلب پر لگائی جائے' اس تصور کے ساتھ کہ اِلَّا اللّٰہ کی ضرب سے انوار قلب پر وارد ہوتے ہیں اور کدورات ظلمات اس طرح ختم ہوتے ہیں جیسے کہ لوہے کی زنگ

Marfat.com

ہتھوڑے کی ضرب شدید سے صاف ہو جاتی ہے۔ نیز چار معنی میں سے ایک معنیٰ کا تصور ضرور رکھے یعنی لا معبود اِلَّا اللہُ لَا مَقصُودَ اِلَّا اللہُ لَا مَوجُودَ اِلَّا اللہُ لَا مَطلُوبَ اِلَّا اللہُ۔ تصور میں لفظ "لا" سے معبودان باطلہ کی نفی اور اِلَّا اللہُ سے وحدہ لا شریک کا اثبات کرے اس طرح سے جب سو مرتبہ پورا ہو جائے تو اخفیٰ پر محمد رسول اللہ کہے۔ الفاظ کو صحیح اور پورا پورا کلمہ ادا کرنے میں احتیاط کی جائے ورنہ اجر میں کمی ہوگی یا معنی بدلنے پر گناہ ہوگا۔ تعداد (ایک ہزار)

۲۔ دوسرا ذکر شریف اثبات یعنی "اِلَّا اللہُ" پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ طریقہ مذکورہ کے ساتھ پڑھے اور پھر دوسری بار الا اللہ کا ذکر شروع کرے اور بائیں کندھے سے قلب پر مذکورہ تصور کے ساتھ ضرب شدید لگائے۔ سو مرتبہ پورا ہونے پر اخفیٰ میں محمد رسول اللہ پڑھے۔ اس میں بھی الفاظ کو صحیح ادا کرنے میں احتیاط کرے۔ (تعداد ایک ہزار)

## ۳۔ تیسرا سبق:

اسم ذات یعنی "اللہ" پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی بار اللہ جل جلالہ پھر اللہ، اللہ اور سو مرتبہ پورا کرنے کے بعد جل جلالہ کہے۔ تصور کے ساتھ اس کی ضرب دل پر لگائے اور زبان سے بھی ادا کرے (تعداد ہزار ہے)

## ۴۔ چوتھا سبق:

"ھو" طریقہ ذکر یہ ہے کہ ذکر "ھو" لطیفہ روح سے قلب، قلب سے سر، سر سے خفی، خفی سے اخفیٰ اور اخفیٰ سے دوبارہ روح پر لائے اور زبان سے بھی کہے اور اس کی حرکت بھی کروی یعنی چرخ کی طرح گول گردش ہے۔ کلمہ "ھو" سے ایک تلوار سے کاٹنا ہے۔

Marfat.com

کروی نقش بننے کے بعد ایک بلا کیف مینار لاتعین تک فرض کر کے ایک مینار سے خارج (باہر کی جانب) عروج کرے۔ اس ذکر سے مینار کے خارج لاتعین تک کے مقامات میں سیر واقع ہوتی ہے اور فیض اسماء وصفات کی تفصیل سے وارد ہوتا ہے۔ پہلی مرتبہ ھو جل جلالہ اور سو مرتبہ پورا کرنے کے بعد جل جلالہ کہے۔ یہ عروجی سبق ہے (ایک ہزار مرتبہ)

## ۵- پانچواں سبق:

مراقبہ۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عصر اور نمازِ فجر کے بعد قعدہ کی صورت میں یعنی دوزانو ہو کر بیٹھ جائے اور قبلہ سے ذرا سا دائیں جانب مڑ کر مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے سانس اور آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائے اور لطیفہ قلب میں تصور سے اللہ اللہ کہے اور اپنے لطیفۂ قلب کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک کی طرف مدینہ میں مقابل تصور کر کے اکتساب فیض کرے۔ یوں تصور رہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک سے میرے قلب میں انوار منتقل ہو رہے ہیں۔ زبان کو اوپر کے تالو کے ساتھ ملائے رکھے اور کم از کم چار رکعت نماز یا پانچ منٹ کی مقدار مراقبہ کرے۔ مراقبہ کے دوران سانس ختم ہو جائے تو ناک کے ذریعے سانس لے سکتے ہیں۔

## ۶- چھٹا سبق:

''اللہ ھو'' طریقۂ ذکر یہ ہے۔ اللہ کا تصور قلب پر اور ''ھو'' کا تصور روح پر ہو اور زبان سے بھی ادا کرے اور مذکورہ مینار تصور کرے اور اس مینار کے داخل یعنی اندر کی جانب گول گردش کے ساتھ لاتعین تک عروج کرے۔ اس ذکر سے اسماء صفات باری تعالیٰ

Marfat.com

کے اجمال و تفصیل کے درمیان سے فیض وارد ہوتا ہے۔

پہلی بار ''اللہ ھو'' جل جلالہ اور سو مرتبہ پورا ہونے کے بعد جل جلالہ پڑھے۔ دونوں الفاظ کو الگ الگ ظاہر کرے (ایک ہزار مرتبہ)۔

## ۷۔ ساتواں سبق:

''ھو اللہ'' طریقہ ذکر یہ ہے کہ ''ھو'' کا تصور روح پر اور ''اللہ'' کا قلب پر کرے۔ ساتھ میں زبان سے بھی کہے اور لاتعین تک مینار کے اندر سیدھا یعنی خطِ مستقیم میں عروج کرے اور اس میں اسماء و صفاتِ باری تعالیٰ کے اجمال سے فیض حاصل کرے۔

احتیاط لازمی ہے کہ دونوں ناموں کو الگ الگ ظاہر کرے اور ایک دوسرے میں مدغم نہ کرے۔ (ایک ہزار مرتبہ)

## ۸۔ آٹھواں ذکر:

''اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ الْحَق لَیْسَ الْھَادِیْ اِلاَّ ھُوْ.''

طریقہ ذکر یہ ہے کہ ''اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ'' کا تصور قلب پر اور ''الحق'' کا اخفیٰ پر اور پھر ''لَیْسَ الْھَادِیْ'' اخفیٰ سے دوبارہ قلب تک۔ الا قلب پر اور لفظ ''ھو'' کا تصور لطیفہ روحی پر لے جائے اور زبان سے بھی ادا کرے یہ ذکر نہایت عجز و انکساری اور تواضع کے ساتھ کرے' یہ ذکر نزولی ہے۔ (تعداد ہزار) درود شریف جو کہ درج ذیل ہے پڑھے:

## ۹۔ نواں سبق:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ اس کے

Marfat.com

پڑھنے کا افضل طریقہ یہ ہے کہ مدینہ منورہ کی سمت دوزانو ہو کر باوضو اور عطر لگا کر بیٹھ جائے' اس کا حضور اخفیٰ میں رکھے اور زبان سے بھی کہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اخفیٰ مبارک سے فیض حاصل کرے اور سو مرتبہ پورا ہونے پر یہ بھی ساتھ پڑھے: وَصَلِّ وَسَلِّمْ كَذَالِكَ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ.

یہ درود شریف نہایت حضور قلبی کے ساتھ خشوع و خضوع' شوق و محبت اور تضرع کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے رابطہ قائم کر کے ادب واحترام سے پڑھے کیونکہ عاشقین و سالکین کا درود وسلام بذاتِ خود نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سنتے ہیں اور جب حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم متوجہ ہوں اور آپ چل رہے ہوں تو یہ بے ادبی ہے۔ (ایک ہزار مرتبہ)

نوٹ: اگرچہ یہ اسباق میں شامل نہیں بلکہ اسباق کے بعد چونکہ اسے پڑھا جاتا ہے۔ اس لئے فقیر راقم الحروف نے اسے بطور سبق ذکر دیا ہے۔

## طریقہ سہروردیہ ہاشمیہ سیفیہ

سہروردیہ شریف کے اذکار واسباق وہی قادریہ والے ہیں۔ البتہ صرف مراقبہ میں فرق ہے۔ قادریہ میں مراقبہ پانچویں نمبر پر ہے۔ سہروردیہ میں سب سے آخر پر ہے اس کے علاوہ قادریہ مراقبہ پانچ منٹ ہے اور سہروردیہ مبارکہ کا بیس منٹ ہے اور اکثر کے لیے حد نہیں اور طریقہ مراقبہ میں بھی فرق ہے جو مندرجہ ذیل ہے۔

Marfat.com

# طریقہ سہروردیہ کا مراقبہ

سلسلہ سہروردیہ میں مراقبہ درج ذیل طریقوں پر کیا جاتا ہے۔ اسباق سہروردیہ کے اختتام کے بعد باوضو مدینہ منورہ کی طرف متوجہ ہو کر، عطر لگا کر اور آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائے (مراقبہ میں آنکھیں بند کرنا لازم ہے) مدینہ منورہ کی طرف ایک سیدھا راستہ فرض کرلے جس میں انبیاء، اولیاء، زمین و آسمان کے فرشتے اور مشائخ سلسلہ اور حاضرینِ مجلس اسی راستے پر حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی نیت سے چلیں، اپنے شیخ کے رابطے کے ساتھ اور مراقبہ سے پہلے جو اسباق پڑھے ہیں، ان کا ثواب بطورِ تحفہ اپنے سر پر رکھ کر سرور اور عشق و محبت، استغراق اور باطنی سرور کی طرح شوق و ذوق سے ذکر شروع کرے اور حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں وہ تحفے پیش کرنے کے لیے جب پہنچے تو حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حرم شریف میں ان مذکورہ اشخاص کے ساتھ ایک حلقہ بنا کر مجلس ذکر تشکیل دیں اور حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اس مجلس و محفل ذکر کے صدر تصور کر کے فیض طلب کرتے رہیں پھر اپنے وظیفہ کا ثواب بطورِ تحفہ سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو پیش کرے پھر واپس جا کر اپنی جگہ پر بیٹھ جائے اور مذکورہ ترتیب سے ذکر کرے اور حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے فیض حاصل کرتا رہے اور اسی طرح بیٹھا رہے اور جب مراقبہ ختم کرنے کا ارادہ کرے تو سب مجلس والے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے رخصت طلب کریں۔ حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت مل جائے تو صاحبِ مراقبہ جہاں بیٹھا ہوا ہے، وہاں تصور سے "رجعت قھقری" یعنی اُلٹے پاؤں ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے واپس ہو

Marfat.com

جائے اور دوسری ارواح مبارکہ بھی اپنی اپنی جگہ چلی جائیں گی جب اپنے مکان پر آ پہنچے تو اپنی آنکھیں کھول دے۔

## ختم خواجگان

بعد حمد الٰہی و درود بر سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم واضح ہو کہ معمولاتِ سیفی شریف میں مولانا علی محمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ خزینۃ الاسرار کے آخر میں آیا ہے کہ ختم خواجگان کے بہت فوائد ہیں۔ برائے دفع بلیات و رفع حاجات، فیوضات اور فتوحات اور ایصالِ ثواب کو ارواحِ طیبات کے لیے پڑھا جاتا ہے جس کی ترتیب درج ذیل ہے۔

## ختم خواجگان

| | |
|---|---|
| ۱۔ فاتحہ شریف | (سات مرتبہ) |
| ۲۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ | (سو مرتبہ) |
| ۳۔ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ | (سو مرتبہ) |
| ۴۔ سورۃ الم نشرح | (۷۹ مرتبہ) |
| ۵۔ سورۃ اخلاص شریف | (ہزار مرتبہ) |
| ۶۔ فاتحہ شریف | (سات مرتبہ) |
| ۷۔ درود مذکورہ | (سو مرتبہ) |

Marfat.com

## ختم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

۱۔ درود مذکورہ (سو مرتبہ)

۲۔ سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ (پانچ سو مرتبہ)

۳۔ درود مذکورہ (سو مرتبہ)

## ختم خلفاء ثلثہ یعنی حضرت عمر و حضرت عثمان و حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

۱۔ سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَرُ۔ (پانچ سو مرتبہ)

۲۔ درود پاک مذکورہ (سو مرتبہ)

## ختم امام ربانی قدس اللہ سرہ العزیز

۱۔ درود شریف مذکورہ (سو مرتبہ)

۲۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ (پانچ سو مرتبہ)

## ختم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۔ درودِ پاک مذکورہ (سو مرتبہ)

۲۔ حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (پانچ سو مرتبہ)

۳۔ درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

## ختم حضرت خواجہ معصوم اوّل قدس اللہ سرہ العزیز

۱۔ درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

Marfat.com

۲-لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ (پانچ سو مرتبہ)

۳-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

## ختم حضرت شاہ نقشبند قدس اللہ سرہ العزیز

۱-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

۲-اَللّٰھُمَّ یَاخَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنَا بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ (پانچ سو مرتبہ)

۳-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

## ختم حضرت مولانا صاحب محمد ہاشم سمنگانی رحمۃ اللہ علیہ

۱-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

۲-اَللّٰھُمَّ یَااَخْفَی اللُّطْفِ اَدْرِکْنَا بِلُطْفِکَ الْاَخْفٰی (پانچ سو مرتبہ)

۳-درودِ پاک مذکور (سو مرتبہ)

## ختم حضرت مرشدنا اخوندزادہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ

۱-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

۲-سورۃ لایلف قریش (پانچ سو مرتبہ)

۳-درود شریف مذکور (سو مرتبہ)

## ختم حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ

۱-درود شریف مذکور (سات مرتبہ)

۲-حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ (سو مرتبہ)

۳-درودِ پاک مذکور (سات مرتبہ)

Marfat.com

## ختم حضرت خضر علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام

۱-درود شریف مذکور (سات مرتبہ)

۲-وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ" بِالْعِبَادِ (سو مرتبہ)

۳-درود شریف مذکور (سات مرتبہ)

۱- اَللّٰھُمَّ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتْ (سو مرتبہ)

۲-اَللّٰھُمَّ یَا اَحَلَّ الْمُشْکِلَاتْ (سو مرتبہ)

۳-اَللّٰھُمَّ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتْ (سو مرتبہ)

۴-اَللّٰھُمَّ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتْ (سو مرتبہ)

۵-اَللّٰھُمَّ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضْ (سو مرتبہ)

۶- اَللّٰھُمَّ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتْ (سو مرتبہ)

۷- اَللّٰھُمَّ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتْ (سو مرتبہ)

۸- اَللّٰھُمَّ یَاھَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ (سو مرتبہ)

۹- اَللّٰھُمَّ یَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ (سو مرتبہ)

۱۰- اَللّٰھُمَّ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ (سو مرتبہ)

۱۱- اَللّٰھُمَّ یَا رَاحِمَ الْعَاصِیْنَ (سو مرتبہ)

۱۲- اَللّٰھُمَّ یَا اَجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ (سو مرتبہ)

۱۳- اَللّٰھُمَّ یَا مُیَسِّرَ کُلِّ عُسِیْرٍ (سو مرتبہ)

۱۴- اَللّٰھُمَّ یَا مُنْجِیَ الْغَرْقٰی (سو مرتبہ)

۱۵- اَللّٰھُمَّ یَا مُنْقِذَ الْھَلْکٰی (سو مرتبہ)

Marfat.com

۱۶- اَللّٰھُمَّ یا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابُ (سومرتبہ)

۱۷- اَللّٰھُمَّ یا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابُ (سومرتبہ)

۱۸- اَللّٰھُمَّ یاخَیْرَ النَّاصِرِیْنَ (سومرتبہ)

۱۹- اَللّٰھُمَّ یاخَیْرَ الرَّازِقِیْنَ (سومرتبہ)

۲۰- اَللّٰھُمَّ یاخَیْرَ الْفَاتِحِیْنَ (سومرتبہ)

۲۱- اَللّٰھُمَّ یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ (سومرتبہ)

۲۲- اَللّٰھُمَّ یا اَکْرَمَ الْاَکْرِمِیْنَ (سومرتبہ)

۲۳- اَللّٰھُمَّ یاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ (سومرتبہ)

اَغِثْنَا بِفَضْلِکَ وَبِکَرْمِکَ یا اَکْرَمَ الْاَکْرِمِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ. بِرَحْمَتِکَ یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

(ایک مرتبہ)

Marfat.com

# شجرہ شریفہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ سیفیہ

یاالٰہی اپنی ذات بہتریں کے واسطے
رحم فرما رَحْـمَةً لِّـلْـعٰـلَـمِـیْـنَ کے واسطے

صدقِ باطن کر عطا صدیق اکبر کے طفیل
دے یقیں سلمانؓ کے ذوق یقیں کے واسطے

یاالٰہی ساتھ ہو محشر میں قاسمؒ کا نصیب
شاہ جعفرؒ رہنمائے متقیں کے واسطے

بایزیدؒ و بوالحسنؒ کی راہ پر ہم سب چلیں
شیخ کامل بوعلی روشن جبیں کے واسطے

نورِ قلبِ خواجۂ یوسفؒ سے کر حصہ عطا
عبدؒ خالق غجدوانی دلنشیں کے واسطے

چشمۂ فیضان عارفؒ سے ہوں ہم بھی مستفید
خواجۂ محمودؒ فخر العارفیں کے واسطے

حضرت خواجہ عزیزاںؒ کا تصدق اے عزیزا
مرہم الطاف دے قلبِ حزیں کے واسطے

یاالٰہی ! علم و عرفاں کی ملے دولت ہمیں
بابا سماسیؒ امام العاشقیں کے واسطے

کھول دے باب عنایت صدقۂ میر کلالؒ
دے مکاں جنت میں اس جنت مکیں کے واسطے

Marfat.com

ہاتھ میں ہر دم رہے دامانِ شاہِ نقشبند
خواجہ عطار صدر الصادقیں کے واسطے

دے ہمیں بھی حضرت یعقوبؔ چرخی سا کمال
خواجۂ احرارؔ امام الواصلیں کے واسطے

یاالٰہی ! از پئے زاہدؔ حصاری زہد دے
خواجہ درویش دُرِّ مرمریں کے واسطے

حضرت امکنگی بے مثل جیسا بسط دے
باقی باللہؔ تاجدار سالکین کے واسطے

یا الٰہی دے مجدد الفؔ ثانی سا خلوص
خواجۂ معصومؔ قیوم امیں کے واسطے

اپنی رنگت دے ہمیں بھی صبغۃ اللہ کے طفیل
خواجہ اسماعیلؔ امام العارفیں کے واسطے

ساتھ ہو ہر دم میرے معصومؔ ثانی کی دعا
حضرت شاہ محمدؔ نور دیں کے واسطے

یا الٰہی دے صفیؔ اللہ سا صدق و صفا
شہ ضیاءؔ الحق، ضیاء العالمیں کے واسطے

روح میں ہر دم رہے حاجیؔ میاں جی کی ضیاء
پیر شمس الحق، رفیق الطالبین کے واسطے

عیب پوشی کر الٰہی ! از پئے شاہؔ رسول
پیر ہاشمؔ کی نگاہِ دور بیں کے واسطے

Marfat.com

کاملِ بے مثل سا احمد کو کامل بنا
سیف رحمٰن رہنمائے کاملیں کے واسطے
رشحات کلک' محمد شہزاد مجددی سیفی

## شجرۂ مبارکہ سلسلہ عالیہ چشتیہ بہشتیہ سیفیہ

یاالٰہی اپنی عظمت کے بیاں کے واسطے
کر مدد میری شہِ کون و مکاں کے واسطے
یاالٰہی علم و حکمت کے خزانے کر عطا
حیدرِ کرار' مولائے جہاں کے واسطے
کھول مجھ پر بابِ فیضِ نسبت خواجہ حسن
عبد واحدؔ واقف رازِ نہاں کے واسطے
یاالٰہی کر عطا ذوق فضیلؔ ابنِ عیاض
شیخِ ابراہیمؔ' رشک سروراں کے واسطے
ذکر کی توفیق دے مثل حذیفہؔ مرعشی
شہ ہبیرہ' دِلربائے عاشقان کے واسطے
یاالٰہی بخش تقویٰ حضرت ممشاد سا
شیخ ابواسحاقؔ شیخِ کاملاں کے واسطے
یا الٰہی شیخ ابو احمدؔ سادے عجز و نیاز
بومحمد پیشوائے عارفاں کے واسطے

Marfat.com

یاالٰہی کر عطا مجھ کو ابو یوسف سا دل
خواجہ مودود میر کارواں کے واسطے

حشر میں مجھ کو عطا ہو قربت حاجی شریف
خواجۂ عثمان، پیرِ چشتیاں کے واسطے

سید اجمیر کا صدقہ اعانت کر میری
سن گزارش قطب دیں، قطب زماں کے واسطے

یا الٰہی کر مجھے بھی مظہر گنج شکر
صابرِ مخدوم فخرِ صابراں کے واسطے

یاالٰہی دے مجھے بھی سوز قلب شمس دیں
شہ جلال الدین، سکونِ قلب و جاں کے واسطے

صادق آئے عبدحق ابدال کی مجھ پر مثال
شیخ عارف صدر بزمِ صادقاں کے واسطے

عبدقدوس سا مجھ کو بھی عطا کر جذب وشوق
شیخ رکن الدین خضر سالکاں کے واسطے

منتخب کر مجھ کو مثل حضرت عبدالاحد
شیخ احمد قطب و قیومِ زماں کے واسطے

یاالٰہی ! بخش مجھ کو شیخ آدم سا کمال
حاجی عبداللہ بہادر پاسباں کے واسطے

حضرت مامون کا صدقہ عطا کر دے اماں
گنجِ نعمت شہِ نعیم بے کساں کے واسطے

Marfat.com

یا الٰہی ! کر عطا سید محمدؐ سا وقار !
حافظ صدیق، مردِ حق نشاں کے واسطے
نورِ باطن بخش مثل حضرت حافظ عمر
رہنمائے دیں، شعیب طالبان کے واسطے
سوز مجھ کو حضرت اخند صاحب سا نواز
نجم دیں توقیر نورِ کہکشاں کے واسطے
یاالٰہی ! دے حمید اللہ تگابی سا شعور
شیخ کامل، شہ رسول طالقان کے واسطے
کوئی ٹکڑا مجھ کو خوان حضرت ہاشم کا دے
سیف رحماں، ہادیٔ عصر رواں کے واسطے
کر عطا احمد کو بھی خلعت فقر و غنا
شیخ اکمل، دلیل رہبراں کے واسطے
رشحاتِ قلم: علامہ محمد شہزاد مجددی سیفی

# شجرۂ سلسلہ عالیہ قادریہ سیفیہ

حمد بے حد خالق عرشِ بریں کے واسطے
ہدیۂ تسلیم فخرِ مرسلیں کے واسطے
یاالٰہی ! ہو عطا فیض علی المرتضیٰ
نام جن کا ہے وظیفہ عارفیں کے واسطے

Marfat.com

یاالٰہی ! بخش ہم کو نعمت علم و عمل
حضرت خواجہ حسن کنزالیقیں کے واسطے
یاالٰہی بخش ہم کو قربت شیخ حبیبؒ
حضرت داؤد امام الکاملیں کے واسطے
حضرت معروف کرخی سا ہمیں عرفان دے
شیخ سری رہنمائے متقیں کے واسطے
یا الٰہی دے ہمیں بھی بادۂ جامِ جنید
شیخ شبلی پیشوائے عاشقیں کے واسطے
یا الٰہی ! بخش فیض نسبت عبدالعزیز
عبد واحد واقف اسرار دیں کے واسطے
یا الٰہی ! شیخ طرطوسی کا پیرو رکھ ہمیں
ابوالحسن شیخ علی قطب امیں کے واسطے
دے تقرب از طفیل شیخ کامل بو سعید
عبدالقادر یعنی غوث العالمین کے واسطے
استقامت دے الٰہی شاہ دولہ کے طفیل
دل کو چمکا شہ منور دوربیں کے واسطے
کر مجھے کو مثالِ شاہ عالم دہلوی
شیخ احمد خضرِ سالکیں کے واسطے
یا الٰہی ! بخش ذوق شہ جنید قادری
حافظ صدیق شیخ العاملیں کے واسطے

Marfat.com

از پئے حافظ محمدؒ کر مسائل حل میرے
پیر کامل شہ شعیب مہ جبیں کے واسطے
نفس کو کردے مزکی از پئے عبدالغفور
کر مصفا قلب شیخِ نجمِ دیں کے واسطے
دے حمید اللہ تگابی سا ہمیں ذوقِ طلب
شہ رسولِ طالقانی دلنشیں کے واسطے
یاالٰہی - پیر ہاشم کی عطا کر پیروی
سیف الرحمٰن راہنمائے واصلیں کے واسطے
اے خدا احمد کا دونوں جہاں میں رکھ بھرم
شیخ زمن امیر راسخیں کے واسطے
رشحاتِ قلم: محمد شہزاد مجددی سیفی

# شجرۂ مبارکہ سلسلہ عالیہ سہروردیہ سیفیہ

یاالٰہی ! اپنی توصیف و ثنا کے واسطے
کر عطا توفیق نعتِ مصطفیٰ کے واسطے
یاالٰہی! کھول عقدے مجھ پہ میری ذات کے
بابِ شہرِ علمؓ علی المرتضیٰ کے واسطے
یاالٰہی ! رہرو راہ حسن بصری بنا
پیکرِ تقویٰ حبیبِ باصفا کے واسطے

Marfat.com

یاالٰہی ! پیروِ داؤدؒ طائی کر مجھے
حضرت معروف کرخی بے ریا کے واسطے

یاالٰہی ! سری سقطی سا تقرب کر عطا
شیخِ عالم، شہ جنید باخدا کے واسطے

یاالٰہی ! حضرت ممشادؒ سا کر فقر عطا
شہ ابوالعباس احمد پارسا کے واسطے

یاالٰہی ! کر عطا شیخ محمد سی تڑپ
شیخ قطب الدینؒ عمر، شمعِ ہدیٰ کے واسطے

یاالٰہی ! بخش دل کو ذوقِ شیخِ بونجیبؒ
شہ شہاب الدین شیخ الاصفیاء کے واسطے

یاالٰہی ! دے بہاؤ الدین سا حسنِ عمل
شیخ رکن الدین، فخر الاولیاء کے واسطے

یاالٰہی ! دے جلال الدین سا مجھ کو جلال
شیخ اجمل شاہ، کامل رہنما کے واسطے

یاالٰہی ! سید بڈھنؒ سی دے طبعِ نفس
شیخ درویشؒ محمد، حق نما کے واسطے

یاالٰہی ! بخش کیف حضرت عبدالقدوس
شیخ رکن الدینؒ ، پیر باوفا کے واسطے

یاالٰہی ! حضرت عبدالاحدؒ سا فہم دے
شہ مجدد الف ثانی، مقتدا کے واسطے

Marfat.com

یا الٰہی ! کر عطا آدم بنوری کے فیوض
حاجی عبداللہ بہادرؒ پیشوا کے واسطے

یاالٰہی ! حضرت مامون جیسا امن دے
شہ نعیم کاموی مشکل کشا کے واسطے

یاالٰہی ! بخش حضرت شہ محمد سا سرور
حافظ صدیقؒ امام الاتقیا کے واسطے

یاالٰہی ! حضرت حافظ عمر سادے حضور
شہ شعیب تو ردھیریؒ باسخا کے واسطے

یاالٰہی ! خلوت عبدالغفور اخند دے
شیخ نجم الدینؒ مقبول الدعا کے واسطے

یا الٰہی دے حمید اللہ تگابیؒ سا مقام
شہ رسولِ طالقانیؒ بارضا کے واسطے

یاالٰہی ! حضرت ہاشم سا استغناء نواز
سیفِ رحمٰن پیکرِ جود و عطا کے واسطے

یا الٰہی ! قرب کر احمد کو اپنا عطا
اپنے پیاروں اور اپنے اقرباء کے واسطے

نتیجہ فکر: محمد شہزاد مجددی

در لباسِ اہل دنیا کارِ عقبیٰ می کنند
خرقہء فقر است پنہاں در طریقِ نقشبند

# نظامِ اوقات سالک وصوفی مجددی

ہر امر میں اتباعِ سنت ملحوظ رہے، عزیمت واصل پر عمل اور بدعت سے پرہیز چاہیے، فرائض، واجبات وسنن کے ادا کرنے اور محرمات ومکروہات ومشتبہات سے اجتناب ہر سالک پر لازم ہے کہ اپنے اوقات کوذکرِ الٰہی سے معمور رکھے، کوئی لمحہ، ساعت اور گھڑی ذکرِ الٰہی سے خالی نہ ہو۔

ذکر گو ذکر تا ترا جان است

پاکئ دل ز ذکرِ رحمان است

## جب رات کو بیدار ہو:

جب تہائی رات باقی ہوتو جاگ اُٹھے اور اُٹھتے ہی کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ

۲- سورت آل عمران کا آخری رکوع یعنی آخری دس آیات کی آسمان کی طرف نظر کرتے ہوئے تلاوت کرے۔ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی آخر۔

(بخاری شریف)

۳- پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ، لَکَ مُلْکُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ

Marfat.com

وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ الْحَقُّ وَلِقَائُکَ حَقٌّ وَقَوْلُکَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ و (سَیِّدُنَا) مُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّ السَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ آمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (متفق علیہ)

## بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا:

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّیْ الْاَذٰی وَعَافَانِیْ.

(نسائی، ابن ماجہ)

## وضو کی دعائیں:

ابتدا میں پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاءَ طَهُوْرًا.

## کلی کرتے ہوئے:

اَللّٰهُمَّ اسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم کَاْساً لَا اَظْمَأُ بَعْدَهٗ اَبَدًا.

۲۔اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ.

Marfat.com

## ناک میں پانی ڈالتے ہوئے:

اَللّٰھُمَّ لَا تُحْرِمْنِیْ رَائِحَۃَ نَعِیْمِکَ وَجَنَّاتِکَ.

۲۔ اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَۃَ النَّارِ.

## منہ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ.

## دایاں ہاتھ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا.

## بایاں ہاتھ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَرَاءِ ظَھْرِیْ.

## سر کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِکَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِکَ.

## کانوں کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ.

## گردن کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ.

## دایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ.

Marfat.com

## بایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّسَعْیِیْ مَشْکُوْرًا وَتِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ.

(نوٹ) ہر عضو کو دھوتے وقت بسم اللہ، درود شریف، کلمہ شہادتین (دوسرا کلمہ) تمام یا کوئی ایک پڑھے۔

ان دعاؤں کا ذکر ابن حبان نے اپنی تاریخ میں کیا ہے۔

(تقریرات الرافعی علی ردالمحتار اور مذکورہ بالا ادعیہ)

## وضو کے بعد کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ.

پھر سید الاستغفار پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ. ۳ بار (ترمذی)

۲-لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر"۔ (سات بار)

اس کے پڑھنے سے سمندر کی جھاگ سے زیادہ بھی گناہ ہوں تو معاف ہو جاتے ہیں۔ (بخاری، ابن حبان، نسائی)

۳-اَشْھَدُ اَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ تین بار، گناہوں سے ایسے پاک ہو جائے گا جیسے آج ہی پیدا ہوا ہے۔ (ابن سنی)

Marfat.com

۴۔اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔۱۰بار (متفق علیہ)

آسماں کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھنے سے جنت کے آٹھوں دروازے اس کے لیے کھل جاتے ہیں جس سے چاہے جنت میں چلا جائے۔(ابن سنی)

## نمازِ تہجد:

پھر نمازِ تہجد پڑھے جو اس راہ کی ضروریات سے ہے۔ بارہ رکعتیں، دو دو کی نیت سے ادا کرے اگر ممکن ہو تو ہر رکعت میں سورت فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین پڑھے ورنہ آٹھ رکعتوں میں ختم کرے۔ اس کی کل اسی آیات ہیں ہر رکعت میں دس دس آیات پڑھ لے، باقی چار میں فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھ لے۔

اور اگر سورۂ یٰسین یاد نہ ہو یا وقت تنگ ہو تو سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین بار اخلاص پڑھ لے۔

اور چار رکعت پر بھی اکتفا کیا جا سکتا ہے۔ مقدور بھر کوشش کرے کہ ناغہ نہ ہو اور اگر رات کو عشا کے بعد وتر نہیں پڑھے تو تہجد کے بعد وتر پڑھے۔ حضرت خواجہ عزیزاں رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب تین دل کسی مراد کے واسطے متفق ہو جائیں تو وہ مومن بندے کے لئے کسی مراد کے حصول کے لیے کافی ہیں۔ بندے کا دل، قرآن مجید کا دل، رات کا دل یعنی نمازِ تہجد میں سورۂ یٰسین کو جو قلبِ قرآن ہے، اخلاص دلی سے پڑھا تو مراد حاصل ہو گئی۔

## استغفار:

تہجد کے بعد ۳۱۳ بار یہ استغفار پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ.

Marfat.com

اس کے بعد نفی واثبات حبسِ دم سے ایک ہزار باراس کے بعد بغیر سانس روکے ذکر کرتا ہےاور مراقبات میں سے کسی مراقبہ میں مشغول رہے۔

اذانِ فجر کے فوراً بعد فجر کی سنتیں گھر پر ہی پڑھے۔اس کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی آخری میم اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ کے ساتھ ملاکر (م الحمد) پڑھے اگر ہر بار حبسِ دم سے پڑھے تو نہایت مفید اور افضل ہے۔اس کے بعد تلاوتِ قرآن یا شغل باطن میں مصروف رہے۔

## اذان سن کر دعا پڑھے:

پہلے درود شریف پڑھے پر دعائے وسیلہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدَ نِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهُ اِنَّكَ لَاتُخْلِفُ الْمِيْعَادَ. (صحاح ستہ)

اس کے لیے رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت جائز ہو جاتی ہے۔

## فرض نماز کے بعد پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

اگر فرض کے بعد سنت ہیں تو صرف اسی مذکورہ بالا دعا پر اکتفاء کرے تاکہ سنن میں تاخیر نہ ہو۔باقی اذکار سنن کے بعد پڑھے۔(صحیح مسلم وابن سنی)

## مسجد میں افضل اذکار:

مسجد میں ذکرِ الٰہی کی کثرت، تسبیح، تہلیل، تحمید، تکبیر، تلاوتِ قرآن مجید و قرأۃ

Marfat.com

احادیثِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم‘ فقہ اور دیگر علومِ شرعیہ کی تعلیم وتعلم وغیرہا مستحب اذکار ہیں جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا الْغُدُوُّ وَالْاٰصَالِ ۔ (النور:۳۶)

ان گھروں میں جنہیں بلند کرنے کا اللہ نے حکم دیا اور اس میں اس کے نام کا ذکر ہو اس کے لیے صبح وشام تسبیح کی جائے۔

نیز فرمایا

وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰہِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ. (الحج:۳۲)

اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرتا ہے تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔

باجماعت نماز ادا کرے‘ نماز کے بعد تین بار استغفار‘ آیۃ الکرسی ایک بار‘ ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ ‘ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ‘ ۳۳ بار اللہ اکبر ایک بار چوتھا کلمہ اس کے بعد اللہ اکبر سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْراً تین بار سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلاً تین بار اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ مِنَ الشَّیْطَانِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْثِهٖ وَنَفْحِهٖ ایک بار اس کے بعد سورۃ یٰسین تلاوت کرے۔

## ۱۔الباقیات الصالحات

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۔(۱۰۰) دنیا و مافیہا سے افضل ہے اور میزانِ عدل میں سب کے مقابلہ میں وزنی ہوگا۔ نیز ہر کلمہ پر بیس نیکیاں بیس گناہ معاف ہوتے ہیں۔

۲۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِهٖ ایک روایت میں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِهٖ‘ سُبْحَانَ

Marfat.com

اللہِ الـعـظیـم۔(۱۰۰) سمندر کی جھاگ کے برابر بھی گناہ ہوں تو رحمتِ الٰہی سے معاف ہو جاتے ہیں۔

## ۳۔ تسبیحات

سُبْحَانَ اللہِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار، اَللہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

ان کو ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھا جائے کیونکہ ہاتھوں سے بھی باز پرس ہوگی تو یہ اللہ کی تسبیحاتِ کی گواہی دیں۔(ابن ابی شیبہ)

## ۴۔ جنت کے خزانے

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ (۳۰۰ سے ۱۰۰۰ تک روزانہ پڑھیں)

یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ اور جنت کے دروازوں سے ایک دروازہ ہے۔(مجمع الزوائد)

## نمازِ فجر اور مغرب کے بعد علاوہ ازیں

(۱) اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سات سات بار کہے۔

(۲) سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ ایک ہزار بار صبح کے وقت یا کم از کم سو بار

(۳) لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللہُ الْـمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۔ دوسو (۲۰۰) بار اور حل مشکلات کے بارہ صد بار

## نمازِ اشراق

فجر کے بعد مسجد میں ہی اپنی جگہ بیٹھا رہے۔ شغل باطن میں مصروف رہے جب

Marfat.com

آفتاب ایک نیزہ یا دو نیزہ کی مقدار بلند ہو جائے تو وہیں دو رکعت یا (چار رکعت دو دو کی نیت) سے نمازِ اشراق ادا کرے جس کی ہر رکعت میں بقول خواجہ احرار قدس اسرارہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے۔

## نمازِ استخارہ

اس کے بعد دو رکعت استخارہ دن رات میں دو بار یا ایک بار پر ہی اکتفا کرلے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْن' دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھے پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ مَا اُرِیْدُ مِنَ الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ اَیَّ عَمَلٍ دِیْنِیًّا کَانَ اَوْدُنْیَوِیًّا خَیْرٌ"لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَآجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ مَا اُرِیْدُ مِنْ عَمَلِ الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ اَیَّ عَمَلٍ دِیْنِیًّا کَانَ اَوْ دُنْیَوِیًّا شَرٌّ" لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ.

دعائے استخارہ کے بعد تلاوتِ قرآن مجید و وظیفہ باطن میں مشغول ہو جائے۔

Marfat.com

اگر اکیلا ہے اور اگر چند ساتھی اور بھی ہیں:

تو پھر حضرت سیدنا و مرشدنا مبارک صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے معمول کے مطابق اس وقت محفل کی جائے۔ نماز فرض کے بعد اجتماعی دعا مانگ کر ایک سالک سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے اور دوسرے سنتے رہیں۔ اس کے بعد صاحب اجازت دوسروں کو ان کے اسباق کے مطابق ان کے لطائف پر توجہ کرے ساتھ ساتھ نعت شریف پڑھی جائے یا شریعت و طریقت کے مسائل بیان کیے جائیں جب نمازِ اشراق کا وقت ہو جائے تو اصحابِ اجازت نمازِ اشراق و استخارہ پڑھیں پھر ناشتہ کیا جائے اس کے بعد اگر طالبِ یا استاد ہے تو درس و تدریس میں لگ جائے۔ طالبِ معاش ہے تو اپنے جائز حیلہ سے طلبِ معاش کرے۔

صاحبِ فراغت سالک دن چڑھنے کے بعد نماز ضحیٰ یا چاشت دو دو کی نیت سے ادا کرے۔ نمازِ تہجد کی طرح اس کی بھی بارہ رکعتیں ہیں۔ آٹھ، چار، دو بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔ ان میں سورت فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سورت والشمس دوسری میں واللیل، تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح باقی رکعات میں انہیں پھر اعادہ کرے اور اگر یہ سورتیں یاد نہ ہوں تو ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھ لے۔ نمازِ چاشت ضحویٰ کبریٰ سے پہلے پڑھ لینا چاہیے، دوپہر کو کھانا کھا کر قیلولہ کرے کہ یہ سنت ہے۔

خوراک و پوشاک وغیرہ کسبِ حلال سے ہونا تقویٰ کی اساس ہے۔ اس کے بغیر کوئی عمل بھی چنداں سودمند نہیں۔ کھانا کھانے سے قبل ہاتھ دھونا، نمک چاٹنا اور بسم اللہ پڑھنا سنت ہے۔ فارغ ہونے کے بعد پھر ہاتھ دھونا اور یہ دعا پڑھنا بھی سنت ہے:

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

زوال کے شروع ہوتے ہی نماز فیئ الزوال چار رکعت ایک سلام سے پڑھے‘ نمازِ ظہر مسجد میں باجماعت ادا کرے۔ نماز کے بعد تسبیح فاطمہ‘ آیۃ الکرسی‘ سورۃ فتح کا آخری اور سورۂ نوح کی تلاوت کرے پھر درس وتدریس‘ تصنیف وتالیف یا شغل باطن میں وقت گزارے اور بصورت ضرورت معاش کے لیے حیلہ کرے جب ہر چیز کا سایہ اصل کے علاوہ دو مثل ہو جائے تو احناف کے نزدیک نمازِ عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ نمازِ عصر سے پہلے چار رکعت سنت غیر مؤکدہ پڑھے اس کے بعد اگر تہجد کے بعد یہ استغفار نہیں پڑھ سکا تو اب اسے پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ.

اس کے بعد عَمَّ یَتَسَاءَ لُوْنَ پڑھے۔ اس کے بعد ختم خواجگان پڑھا جاتا ہے۔ جس کا ثواب امام ربانی مجدد الف ثانی قدست اسرارہ و دیگر مشائخ عظام کو بخشا جاتا ہے۔ بڑے خلوص اور عجز وانکساری وحضور قلب سے دعا مانگی جاتی ہے کہ ختم شریف کے بعد دعا مستجاب ہوتی ہے۔ ان کے وسیلے سے فتوحات ظاہری و باطنی کے حصول کے لیے یا کسی حاجت کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ باقی دقت ذکر وفکر اور مراقبہ میں گزارے۔ حضرت سیدنا قیوم زماں کا اس کے بعد معمول محفل کا انعقاد ہے جس میں سالکین کی توجہ کی جاتی ہے‘ اس وقت سالک بہت جلد فیض یاب ہوتا ہے۔

نمازِ مغرب کے بعد اسی طرح تسبیح فاطمہ‘ آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد صلوٰۃ اوابین چھ رکعت دو دو کی نیت سے پڑھے بعد ازاں سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ. عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

Marfat.com

صبح وشام تین تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ" فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ اس کے پڑھنے سے ناگہانی آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

سورۂ واقعہ ایک بار پڑھے۔

نمازِ عشا با جماعت ادا کرے اس کے بعد سورۂ ملک، الم سجدہ کی تلاوت کرے۔

## خلاصہ:

پانچوں نمازوں کے بعد

۱۔ آیت الکرسی ایک ایک بار...... مرتے ہی جنت میں داخل ہو۔

۲۔ تسبیح سیدہ فاطمۃ الزہری رضی اللہ عنہا ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اللہ اکبر ایک بار

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" یُحْیِیْ وَیُمِیْتَ بِیَدِہِ الْخَیْرُ اس دن تمام جہاں میں کسی کا عمل اس کے برابر نہ ہوگا مگر جو اس کے مثل پڑھے۔

## صبح میں (نمازِ تہجد سے لے کر نمازِ چاشت تک)

۱۔ استغفار (مذکورہ بالا) ۳۱۳ بار

۲۔ سید الاستغفار ۳ بار

۳۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پانچ سو بار۔ غربت وافلاس سے محفوظ رہے۔

Marfat.com

۴۔سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمُ ایک ہزار یا کم از کم ایک سو بار

۵۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سات بار دُعا کرے کہ اللہ دوزخ سے مجھے بچالے۔

۶۔ سورۂ یٰسین کی تلاوت

۷۔ فجر کی سنتوں کے بعد پہلی روشنی میں پڑھے:

یَا رَحْمَانُ یَا رَحِیْمُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ. یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا. یَا اَللہُ یَااَللہُ یَااَللہُ (اکتالیس بار) شام میں (نمازِ مغرب سے لے کر عشا تک)

۱۔ نمازِ اوابین، چھ رکعت

۲۔ سورۂ واقعہ، فقر وفاقہ سے نجات ہو

۳۔یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی دِیْنِکَ سات بار، استقامتِ دین نصیب ہو۔

۴۔لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرِ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْر'' دس بار رات بھر شرِ شیطان سے محفوظ رہے۔

## نمازِ عشاء کے بعد

۱۔ سورۃ ملک

۲۔ سورۃ الم، تنزیل، سجدہ

۳۔ سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ کافرون، فلق اور ناس تین تین بار پڑھ کر اپنے

Marfat.com

دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دَم کر کے دونوں ہاتھوں کو پورے جسم (جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے) ہاتھ پھیر لے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے۔

## رات سوتے وقت

۱۔ تسبیح فاطمہ، ایک تسبیح

۲۔ استغفار تین بار

۳۔ سورۃ الحشر کی آخری تین آیات

۴۔ باوضو یہ کلمات پڑھتے ہوئے قبلہ رُخ دہنی کروٹ پر اسمِ محمد کی صورت بنا کر بستر پر لیٹ جائے۔

اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ وَالْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَۃً وَّرَھْبَۃً اِلَیْکَ، لَامَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ، آمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ، وَنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ فَاِنْ مِتُّ عَلَی الْفِطْرَۃِ، وَاجْعَلْھُنَّ اٰخِرُ مَا اَقُوْلُ.

پھر نیند کے غلبہ تک ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے۔

بغیر ذکرِ خدا سونا مکروہ ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ:

"جو شخص کسی جگہ بیٹھا اور وہاں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا تو وہ اللہ کی رحمت سے محروم رہا اور جو بستر پر نیند کے لیے لیٹا اور خدا کا ذکر نہیں کیا تو وہ بھی رحمتِ الٰہیہ سے محروم

Marfat.com

ہے۔" (ابوداؤد' کتاب الاذکار)

## دن رات میں (دن رات میں کسی ایک وقت)

۱۔ سورۃ اخلاص ہزار بار۔ظاہری وباطنی فتوحات میسر ہوں۔

۲۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ہزار بار رنج وغم و پریشانی سے محفوظ رہے۔

۳۔ یَاحَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ' اَصۡلِحۡ شَاۡنِیۡ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَۃَ عَیۡنٍ۔ ایک سو بار

ہر قسم کی پریشانی اور مشکلات کی آسانی کے لیے اگر نہایت ہی کوئی مشکل مہم ہو تو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

### دوسری دعا:

اَللّٰھُمَّ رَحۡمَتَکَ اَرۡجُوۡ فَلَا تَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَۃَ عَیۡنٍ وَاَصۡلِحۡ لِیۡ شَاۡنِیۡ کُلَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ.

### تیسری دعا:

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡحَلِیۡمُ الۡکَرِیۡمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ. (کم از کم سو بار)

۴۔ رَضِیۡتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا کم از کم سات مرتبہ بالخصوص نماز میں تہجد کے بعد افضل ہے۔اس کے پڑھنے سے رب تعالیٰ بروزِ حشر راضی ہوگا۔(ابن ابی شیبہ)

Marfat.com

نیز نفل نمازوں میں نمازِ تسبیح بھی ہے جو آغاز زوال کے بعد پڑھی جاتی ہے اگر ایسا نہ ہو سکے تو دن رات میں کسی وقت پڑھ لے۔ اگر روزانہ نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک بار ورنہ مہینہ میں ایک بار اور یہ بھی میسر نہ ہو سکے تو سال میں یا عمر بھر میں ایک بار ضرور پڑھ لینی چاہیے۔

ماہِ رمضان کے روزے نہایت احتیاط سے رکھیں، گناہ وغیبت اور لغویات سے پرہیز کریں۔

